Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد16 — جمعۃ المبارک ،یکم اگست 2025ء، 6 صفرالمظفر 1447ھ، قیمت10روپے — شمارہ127

پاکستان اور امریکا کے درمیان تجارتی معاہدہ طے

صدر ٹرمپ کا شکریہ معاہدے سے دیرپا شراکت داری کو وسعت ملے گی وزیراعظم

ٹیرف میں کمی ہوگی' وزارت خزانہ نہال، دوطرفہ تجارت کو فروغ، منڈی تک رسائی میں اضافہ، سرمایہ کاری اور باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کو فروغ ملے گا' اعلامیہ جاری کر دیا گیا

معاہدے میں صدر ٹرمپ نے قائدانہ کردار ادا کیا، یہ تاریخی معاہدہ بڑھتے ہوئے تعاون کو مزید فروغ دے گا' وزیراعظم کا ایکس پر پیغام، ڈیل طے پا گئی ہے، الحمدللہ' اسحاق ڈار کا تجارتی سمجھوتے کا بھرپور خیرمقدم

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور امریکا کے مابین تجارتی معاہدہ کامیابی سے طے پا گیا ہے جس کے تحت دوطرفہ تجارت کو فروغ، منڈی تک رسائی میں اضافہ، سرمایہ کاری کی ترغیب اور باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کو فروغ دیا جائے گا۔وزارت خزانہ (بقیہ نمبر 20)

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ امریکا کے ساتھ تجارتی معاہدہ کامیابی سے طے پا گیا ہے جس کے ساتھ تاریخی کے لیے اتھاہ گہرائی سے (بقیہ نمبر 15)

جنگلات کے تحفظ کیلئے فارسٹ رینجرز کی خدمات قابل تحسین ہیں مریم نواز

پنجاب میں ماحولیاتی توازن کی بحالی میں فارسٹ رینجرز کا کردار انتہائی اہم ہے، رینجرز کی تربیت اور کارکردگی میں مزید بہتری پنجاب حکومت کا عزم ہے

جنگلات کے تحفظ کیلئے رینجرز کی خدمات قابل تحسین ہیں، فارسٹ گارڈز ہمارے ماحولیاتی ہیرو ہیں' وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا عالمی دن پر پیغام

پاکستان مسلم لیگ ن کے صدر محمد نواز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید المالکی ملاقات کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ جنگلات کے تحفظ کیلئے فارسٹ رینجرز کی خدمات قابل تحسین ہیں۔فارسٹ رینجرز کے عالمی دن پر اپنے خصوصی پیغام میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا کہنا تھا کہ فارسٹ رینجرز کا دن منانے کا مقصد جنگلات کے تحفظ کے لئے اقدامات پر عوامی شعور بیدار کرنا ہے، جنگلات کے تحفظ کیلئے رینجرز کی (بقیہ نمبر 10)

پاکستان نے ایک اور ریموٹ سینسنگ سیٹلائٹ لانچ کر دیا

سیٹلائٹ چین کے شی چانگ سینٹر سے راکٹ کے ذریعے روانہ کیا گیا' ترجمان سپارکو

علاقائی منصوبہ بندی اور قدرتی وسائل کے انتظام کے منصوبوں کی نگرانی کرے گا

اسلام آباد، بیجنگ (این این آئی) پاکستان کا ریموٹ سینسنگ سیٹلائٹ لانچ کر دیا گیا۔پاکستان اسپیس اینڈ اپر ایٹموسفیئر ریسرچ کمیشن (سپارکو) کے مطابق سیٹلائٹ چین کے شی چانگ سینٹر سے راکٹ کے ذریعے روانہ کیا گیا ہے۔ترجمان (بقیہ نمبر 11)

لاہور میں غذائی دہشت گردی کا بڑا منصوبہ ناکام

بکرمنڈی میں چھاپہ، 10ہزار کلو زائدالمیعاد مضر صحت گوشت برآمد کر کے تلف کر دیا گیا، 4ملزمان گرفتار

لاہور (این این آئی) لاہور میں غذائی دہشتگردی کا بڑا منصوبہ ناکام بنا دیا گیا، ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید کارات گئے ٹیموں کے ہمراہ بکرمنڈی میں چھاپہ مار کر 10ہزار کلو زائدالمیعاد مضر صحت گوشت برآمد کر کے تلف کر (بقیہ نمبر 14)

اشیائے خورد ونوش کی قیمتیں کنٹرول کرنے کیلئے بل منظور

نئی پرائس کنٹرول کونسل تشکیل، صدارت وزیر برائے پرائس کنٹرول یا وزیراعلی کے نامزد کردہ کسی عوامی نمائندے کے سپرد ہوگی

لاہور (این این آئی) حکومت پنجاب نے صوبے میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں پر موثر کنٹرول کے لیے قانون سازی کر لی ،اس سلسلے میں پنجاب اسمبلی کے ایوان سے دی پنجاب پرائس کنٹرول آف اسینشیل کموڈیٹیز (بقیہ نمبر 13)

سی ای او کے الیکٹرک مونس علوی کو ہٹانے کا حکم

صوبائی محتسب کا کے الیکٹرک کے سی ای او مونس علوی پر بھاری جرمانہ عائد' عہدے سے ہٹانے کا حکم

کراچی (این این آئی) صوبائی محتسب نے کے الیکٹرک کے چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی ای او) مونس علوی پر بھاری جرمانہ عائد کرتے ہوئے انہیں عہدے سے ہٹانے کا حکم دے دیا۔صوبائی محتسب نے کراچی کی (بقیہ نمبر 12)

سماجی تحفظ کیلئے ڈیجیٹل ادائیگی کے نظام کا آغاز

یورپی یونین اور جرمن حکومت کے تعاون سے بی آئی ایس پی کے تحت مستحق افراد کے لیے موبائل والٹس ادائیگی کے ماڈل کا اجراء

ملک بھر میں لاکھوں پسماندہ خاندانوں کے لیے ادائیگیوں کو ڈیجیٹل بنانے کے لیے ترتیب دیا گیا ہے۔"۔

پرائم منسٹر ڈلیوری یونٹ کے سربراہ بلال اظہر کیانی، چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد، اور سیکرٹری بی آئی ایس پی عامر علی احمد نے شرکت کی

بی آئی ایس پی اس وقت تقریباً ایک کروڑ کم آمدنی والے خاندانوں کو کفالت فراہم کر رہا ہے، وزیرمملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی

یہ والٹس صرف ادائیگی کا ذریعہ نہیں، بلکہ خواتین کی نقل وحرکت، وقار اور معاشی آزادی کی علامت ہیں، سیکرٹری بی آئی ایس پی عامر علی احمد

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان نے سماجی تحفظ کے لیے ڈیجیٹل ادائیگی کے نظام کا آغاز کر دیا: یورپی یونین اور جرمن حکومت کے تعاون سے بی آئی ایس پی کے تحت مستحق افراد کے لیے موبائل والٹس ادائیگی کے ماڈل کا اجراء بینظیر انکم سپورٹ پروگرام نے آج ایک اعلیٰ سطحی ورکشاپ کا انعقاد کیا جس میں "موبائل والٹس ادائیگی ماڈل" کے آغاز پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ یہ اقدام، کیش لیس اکانومی (بقیہ نمبر 1)



اسلام آباد، ورکشاپ میں وزیرمملکت برائے خزانہ اور پرائم منسٹر ڈلیوری یونٹ کے سربراہ بلال اظہر کیانی خطاب کر رہے ہیں
،چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد، اور سیکرٹری بی آئی ایس پی عامر علی احمد بھی شریک ہیں

ڈی جی پی آر غلام صغیر شاہد سے سرگودھا پریس کلب کے وفد کی ملاقات

وفد نے ڈائریکٹر جنرل کو پیشہ ورانہ فرائض کی انجام دہی کے سلسلے میں سرگودھا کے صحافیوں کی ضروریات کے بارے میں آگاہ کیا

ایکریڈیٹیشن کارڈز کے اجرا میں شفافیت کو یقینی بنایا گیا ہے، تمام صحافیوں کا ڈیٹا ڈی جی پی آر کی ویب سائٹ پر مہیا کر دیا گیا ہے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز پنجاب غلام صغیر شاہد سے سرگودھا پریس کلب کے 17 رکنی وفد نے صدر عبدالحنان چوہدری کی قیادت میں ملاقات کی، اس موقع پر سیکرٹری جنرل شیخ محمد رضوان بھی موجود تھے۔وفد نے ڈائریکٹر جنرل کو پیشہ ورانہ فرائض کی انجام دہی کے سلسلے میں سرگودھا کے صحافیوں کی ضروریات کے بارے میں آگاہ کیا اور صحافیوں کے لیے تربیتی کورسز (بقیہ نمبر 7)

لاہور، ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز غلام صغیر شاہد سے سرگودھا پریس کلب کا وفد صدر عبدالحنان چوہدری کی قیادت میں ملاقات کر رہا ہے

کھیوڑہ، اسسٹنٹ کمشنر نادیہ پروین لیڈیز اینڈ چلڈرن پارک کا افتتاح کر رہی ہیں

کھیوڑہ میونسپل کمیٹی لیڈیز اینڈ چلڈرن پارک کا افتتاح

افتتاح اسسٹنٹ کمشنر نادیہ پروین نے کیا، خواتین وبچوں کے لیے تفریح کا نیا سنگ میل

کھیوڑہ (سرفراز عباس) تحصیل پنڈدادنخان کے خوبصورت شہر کھیوڑہ میں خواتین اور 12سال سے کم عمر بچوں کے لیے مخصوص" کھیوڑہ میونسپل کمیٹی لیڈیز اینڈ چلڈرن پارک " کی تکمیل پر ایک شاندار افتتاحی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کا آغاز تلاوت (بقیہ نمبر 16)

سی ڈی اے کا کیش لیس اکانومی کے نفاذ کیلئے اعلیٰ سطحی اجلاس

شہری باآسانی سی ڈی اے کی مختلف سروسز جن میں جائیداد ٹیکس، پانی کے بل، زمین کی منتقلی، پارکنگ فیس کی ادائیگی کر سکیں گے

کیش لیس نظام نہ صرف شفافیت کو فروغ دے گا بلکہ عوامی سہولیات کی فراہمی کو تیز تر اور مؤثر بنانے میں مدد ملے گی، چیئرمین سی ڈی اے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) سی ڈی اے کا ایک اہم اجلاس چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا کی زیر صدارت منعقد ہوا۔اجلاس میں سی ڈی اے کے بورڈ ممبران اور دیگر سینئر افسران نے شرکت کی۔اجلاس میں سی ڈی اے میں ہر سطح پر کیش لیس نظام کے عملی نفاذ کو یقینی بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں ڈیجیٹل ادائیگیوں خصوصاً سی ڈی اے کے مختلف شعبہ جات میں کیش لیس نظام (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد، چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا سی ڈی اے کے ایک اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عوام کی خدمت میرا مشن ہے رانا ارشد

پی پی 133 میں ریکارڈ ترقیاتی منصوبے مکمل کیے، رہنما مسلم لیگ (ن)



شاہ کوٹ (میاں داؤد) مسلم لیگ (ن) کے رکن پنجاب اسمبلی رانا محمد ارشد نے کہا ہے کہ ہم نے حلقہ پی پی 133 میں ترقیاتی کاموں کا جال بچھا دیا ہے۔عوام سے کیا گیا ہر وعدہ نبھایا ہے اور مسلم لیگ (ن) کی کارکردگی میدان عمل میں نظر آتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ننکانہ روڈ کی از سر نو تعمیر، جدید طرز کے ٹراما سنٹر کی منظوری، پی سی محلہ سمیت دیگر علاقوں میں گلیوں ونالیوں کی تعمیر، اور نوجوانوں کے لیے جمنازیم کی سہولت جیسے منصوبے ہماری (بقیہ نمبر 17)

پروفیسر ڈاکٹر رخسانہ افتخار پنجاب یونیورسٹی کے شعبہ ہسٹری اور پاکستان سٹڈیز کی پہلی خاتون چیئرپرسن مقرر

ڈاکٹر رخسانہ افتخار نے پی ایچ ڈی پنجاب یونیورسٹی سے جبکہ پوسٹ ڈاکٹریٹ رائل ہالوے کالج یونیورسٹی آف لندن سے مکمل کیا

ان کا تعلیمی کیریئر ہمیشہ شاندار رہا، اکٹر رخسانہ نے آٹھ مختلف ممالک میں اپنے تحقیقی مقالے پیش کیے اور پاکستان کی نمائندگی کی

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) پروفیسر ڈاکٹر رخسانہ افتخار کو پنجاب یونیورسٹی کے شعبہ ہسٹری اور پاکستان سٹڈیز کی پہلی خاتون چیئرپرسن مقرر کر دیا گیا ہے۔وہ ملک کی ممتاز ماہر تاریخ اور محققہ کے طور پر جانی جاتی ہیں۔ڈاکٹر رخسانہ افتخار نے پی ایچ ڈی پنجاب یونیورسٹی سے جبکہ پوسٹ ڈاکٹریٹ رائل ہالوے کالج یونیورسٹی آف لندن سے مکمل کیا۔ ان کا تعلیمی کیریئر ہمیشہ شاندار رہا اور انہوں نے ایم اے میں گولڈ میڈل حاصل کیا۔وہ اب تک چالیس سے زائد تحقیقی مضامین بین الاقوامی جرائد میں شائع کر چکی ہیں۔ان کی دو معروف کتب، "انڈین فیمینزم: کلاس، جنس اور شناخت "اور دوسری" جہان آرا: مغل شہزادی " کو علمی حلقوں میں بھرپور پذیرائی حاصل ہوئی ہے۔ڈاکٹر رخسانہ نے آٹھ مختلف ممالک میں اپنے تحقیقی مقالے پیش کیے اور پاکستان کی نمائندگی کی، ان کی سربراہی میں ترکی اور ازبکستان کے ساتھ مشترکہ تحقیقی منصوبے (بقیہ نمبر 8)

یونیورسٹی ٹاؤن کیس، آر ڈی اے کی سخت کارروائی جاری

ملزمان کے لئے کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی، ڈی جی کنزہ مرتضیٰ

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) ڈائریکٹر جنرل آر ڈی اے کنزہ مرتضیٰ نے کہا ہے کہ یونیورسٹی ٹاؤن کیس میں ذمہ دار عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی جا رہی ہے اور کسی کو رعایت نہیں دی جائے گی۔ترجمان کے مطابق کیس عدالت عالیہ میں زیر سماعت ہے اور آر ڈی اے عوامی مفاد کے تحفظ کے لئے بھرپور قانونی اقدامات کر رہی ہے۔

اے سی گوجرخان اور سی او بلدیہ اظہر مجید کے ہمراہ انفورسمنٹ عملہ گوجرخان میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کرتے ہوئے

وفاقی کابینہ میں وزیر توانائی اویس لغاری نمبر لے گئے — وزیراعظم کا بہترین کارکردگی پر خط

اویس لغاری نے 780ارب کا گردشی قرضہ ختم کرنے میں کلیدی کردار ادا کیا' خط میں ستائش

6 آئی پی پیز سے معاہدے ختم کرنے اور اصلاحات سے قوم کو 3 کھرب روپے سے زائد کا فائدہ ہوا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وزیر اعظم پاکستان محمد شہباز شریف کی طرف سے وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری کو لکھا گیا خط وزارتِ توانائی کو موصول ہوا ہے۔وفاقی وزیر توانائی کی توانائی کے شعبے میں نمایاں اصلاحاتی اقدامات اور بہترین کارکردگی کو سراہنے کیلئے خط لکھا گیا ہے۔خط میں وزیر اعظم نے سردار اویس لغاری کی قیادت کو سراہتے ہوئے کہا کہ مشکل ترین حالات میں (بقیہ نمبر 3)

بجلی چوروں کو 47 کروڑ 93 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد

ریکوری کی مد میں 7ارب 63 کروڑ سے زائد کی وصولی، چیف ایگزیکٹو آفیسر

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) نے بجلی چوری کی روک تھام اور واجبات کی وصولی کے حوالے سے قابل ذکر پیش رفت حاصل کی ہے۔ادارے کی جانب سے جاری بھرپور انسداد بجلی چوری مہم کے دوران متعدد صارفین (بقیہ نمبر 4)

چین کے شہر ہانگ ژو اور دبئی کے درمیان نیا فضائی روٹ قائم

ہانگ ژو (شِنہوا) چین کے مشرقی شہر ہانگ ژو اور متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کے شہر دبئی کے درمیان نئے فضائی روٹ کا آغاز کر دیا گیا جو دنیا کی معروف ائیر لائنز (بقیہ نمبر 6)

9 مئی مقدمات کے فیصلے خوش آئند ہیں عظمیٰ بخاری

لوگوں کو زبردستی اداروں کے خلاف اکسانا اور حملے کروانا ناقابلِ برداشت ہے، ایسی دہشتگردی مستقل بند ہونی چاہیے

گزشتہ روز کے عدالتی فیصلے کے بعد ایسی حرکتیں کرنے والوں کو ایک بار نہیں، کئی بار سوچنا پڑے گا، وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے گزشتہ روز 9 مئی کے عدالتی فیصلے کو ملک وقوم کے لیے خوش آئند قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ فیصلہ ریاستی اداروں کے خلاف منفی سوچ رکھنے والوں کے لیے واضح پیغام ہے کہ ایسی حرکات اب برداشت نہیں کی جائیں گی۔عظمیٰ بخاری نے کہا کہ لوگوں کو زبردستی اداروں کے خلاف اکسانا اور حملے کروانا ناقابلِ برداشت ہے۔ کسی سیاسی جماعت کے نام پر ایسی دہشت گردی کو ہمیشہ کے لیے بند ہونا چاہیے۔ان کا کہنا تھا کہ گزشتہ روز کے فیصلے کے بعد ایسی حرکتیں کرنے والوں کو ایک بار نہیں، کئی بار سوچنا پڑے گا۔ تشدد کے ذریعے غلبہ حاصل کرنے کی کوشش کو مکمل شکست ہوئی ہے۔وزیر اطلاعات (بقیہ نمبر 9)

عمران خان کے حکم پر 5 اگست کو یوتھ ونگ بھرپور احتجاج کرے گی

ہم اپنے محبوب قائد کی رہائی کے لیے میدان میں نکلیں گے، میاں عثمان سرور

شاہ کوٹ (میاں داؤد) پاکستان تحریک انصاف یوتھ ونگ ضلع ننکانہ صاحب کے جنرل سیکرٹری میاں عثمان سرور نے کہا ہے کہ چیئرمین عمران خان کے واضح حکم کے مطابق 5اگست کو نوجوان قیادت بھرپور اور پُرامن احتجاج کرے گی۔انہوں نے کہا کہ ہم اپنے محبوب قائد کی رہائی کے لیے میدان میں نکلیں گے۔عمران خان ایک نظریہ، ایک سوچ اور اس قوم کا سرمایہ ہیں۔انہیں قید میں رکھ کر عوام کی آواز دبائی نہیں جا سکتی۔میاں عثمان سرور نے (بقیہ نمبر 18)

کنٹونمنٹ بورڈ کا انسدادِ تجاوزات آپریشن

پشاور روڈ، ٹینچ بھاٹہ سمیت مختلف علاقوں سے تجاوزات ختم

تین ٹرک سامان ضبط، کارروائی چوہدری نجم الحسن کی نگرانی میں کی گئی

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) سی ای او کینٹ بورڈ راولپنڈی کی ہدایت پر کینٹونمنٹ بورڈ شعبہ انسداد تجاوزات نے پشاور روڈ، نصیرآباد، مصریال روڈ، ٹینچ بھاٹہ، ڈھوک سیداں روڈ، گرجا روڈ، برف خانہ روڈ اور 22 نمبر چونگی میں تجاوزات کے خلاف کارروائی کی۔آپریشن کے دوران تین ٹرک سامان ضبط کیا گیا جبکہ کارروائی کی نگرانی انفورسمنٹ سپرنٹنڈنٹ چوہدری نجم الحسن نے کی۔

جولائی میں چین کے پیداواری شعبے کی رفتار سست روی کا شکار، نئے محرکات مستحکم رہے

بیجنگ (شِنہوا) چین کے پیداواری شعبے کی رفتار کو جولائی میں موسمیاتی عوامل کی وجہ سے معمولی سست روی کا سامنا کرنا پڑا لیکن اس کی بنیادی ترقی کی رفتار مستحکم رہی، ابھرتی ہوئی صنعتوں نے پذیرائی حاصل کی اور کاروباری اعتماد میں بہتری جاری رہی۔قومی ادارہ شماریات (این بی ایس) کے جاری اعدادوشمار (بقیہ نمبر 21)

راولپنڈی کینٹونمنٹ شعبہ تجاوزات عملہ کینٹ کے مختلف علاقوں میں کارروائی کے دوران سامان ضبط کر رہا ہے

ایرانی صدر مسعود پزشکیان اتوار کو پاکستان آئیں گے

ایرانی صدر، وزیراعظم شہباز شریف فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ملاقاتیں کرینگے

تہران (این این آئی) ایران کے صدر مسعود پزشکیان 2 اگست کو دو روزہ سرکاری دورے پر پاکستان آئیں گے۔ایرانی صدر کے سیاسی مشیر مہدی سنائی نے کہا ہے کہ ایرانی صدر وزیراعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل عاصم منیر، چیئرمین سینٹ اور اسپیکر قومی اسمبلی سے ملاقاتیں کریں گے۔ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ ڈاکٹر مسعود پزشکیان وزیراعظم شہباز شریف (بقیہ نمبر 19)

سعودی سفیر نواف بن سعید احمد المالکی کی سے چیئرمین سی ڈی اے وچیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا سے ملاقات

شاہ فیصل مسجد کے حوالے سے مفاہمتی یادداشت پر دستخط

پاکستان سعودی عرب کے اپنے تعلقات کو انتہائی عزت اور احترام کی نظر سے دیکھتا ہے، چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا

اسلام آباد کی تعمیر وترقی اور خوبصورتی میں اضافہ خوش آئند ہے، سعودی سفیر نواب بن احمد مالکی کی گفتگو

چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) وچیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا سے پاکستان میں سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید احمد المالکی سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز میں ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) وچیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا سے پاکستان میں سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید احمد المالکی نے سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز میں ملاقات کی۔ چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا نے سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید احمد المالکی کا گرمجوشی سے استقبال کیا۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور پر جن میں شاہ فیصل مسجد کے حوالے سے سی ڈی اے کے ساتھ مفاہمتی یادداشت پر دستخط کے علاوہ دیگر باہمی امور زیر بحث آئے۔ چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا نے کہا کہ پاکستان سعودی عرب کے اپنے تعلقات کو انتہائی عزت اور احترام کی نظر سے دیکھتا (بقیہ نمبر 5)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

نام نہاد لاپتا افراد اور دہشت گردی

نام نہاد لاپتا افراد کی آڑ میں دہشت گردی کے ناقابل تردید شواہد منظر عام پر آگئے ہیں۔ قلات آپریشن کے دوران ہلاک دہشت گرد صہیب لانگو بلوچ یکجہتی کمیٹی کی نام نہاد لاپتا افراد کی لسٹ میں شامل ہے۔ اس سے قبل بھی فتنہ الہندوستان کے مارے جانے والے متعدد دہشت گرد نام نہاد لاپتا افراد کی لسٹ میں شامل تھے۔ مارچ 2024ء کو گوادر حملے میں مارے جانے والا دہشت گرد کریم جان بھی لاپتا افراد کی فہرست میں شامل تھا۔ اس کے علاوہ نیول بیس حملے میں مارے جانے والا دہشت گرد عبدالودود بھی لاپتا افراد کی لسٹ میں شامل تھا۔ ماہ رنگ لانگو نے ہمیشہ نام نہاد لاپتا افراد کا بیانیہ اپنے مذموم عزائم اور ریاست کو بدنام کرنے کے لیے استعمال کیا، ہلاک دہشت گرد صہیب لانگو کی ماہ رنگ لانگو کے ساتھ مظاہروں میں کئی تصاویر اور ویڈیوز سوشل میڈیا پر موجود ہیں۔ نام نہاد لاپتا افراد وہی ہیں جو فتنہ الہندوستان کے آلہ کار بن کر نہتے اور معصوم پاکستانیوں پر دہشت گردانہ حملوں میں ملوث ہیں۔ 21 جولائی 2025ء کو قلات آپریشن کے نتیجے میں فتنہ الہندوستان کا دہشت گرد صہیب لانگو عرف عامر بخش مارا گیا اور فتنہ الہندوستان نے دہشت گرد صہیب لانگو کی ہلاکت اور خود سے وابستگی کو تسلیم کیا۔ فتنہ الہندوستان سے منسلک میڈیا پلیٹ فارم پانک اور بھام نے دہشت گرد صہیب لانگو کو 25 جولائی 2024ء کو لاپتا قرار دیا تھا۔ بھام نے یہ دعویٰ کیا تھا کہ دہشت گرد صہیب لانگو کو 24 جولائی 2024ء کو کلی سریاب کوئٹہ سے جبرا گمشدہ کیا گیا۔ ماہ رنگ لانگو اور اس کے سہولت کاروں نے نہتے اور معصوم پاکستانیوں پر فتنہ الہندوستان کے دہشت گردانہ حملوں کی کبھی مذمت نہیں کی۔ مستند شواہد سے واضح ہے کہ بلوچ یکجہتی کمیٹی دراصل فتنہ الہندوستان کی پراکسی ہے۔ بلوچ یکجہتی کمیٹی کے مظاہروں میں منہ چھپائے لوگ اصل میں دہشت گردوں کے آلہ کار اور سہولت کار ہیں۔ خوش آئند بات یہ ہے کہ ریاستی اتھارٹی کو چیلنج کرنے اور دہشت گردوں کو تحفظ دینے والے عناصر کی سرکوبی کے لیے ہماری سکیورٹی فورسز متحرک ہیں اور ملک اور عوام کا تحفظ یقینی بنارہی ہیں۔

"زمینی خدوخال بھنور میں ہیں جب"

تحریر سیدہ نزہت ایوب کاظمی، اسلام آباد

اے میرے محترم باادب قاری آج پر فکر تبصرہ لے کر حاضر ہوئی ہوں۔ زمانہ طبقات میں بٹ رہا ہے تو کیوں نہ بٹنے دیا جائے۔
زندگی اور فلمی کہانیوں میں زمین آسمان کا فرق ہوتا ہے۔ ہم نے زندگیوں کو افسانوی و رومانوی مکالمہ بازیوں میں الجھا کے رکھ دیا۔
میرا ماننا ہے کہ یہ کہنا سراسر درست نہیں کہ انسان کو کامیاب ہونے کے لیے زمانے کے ساتھ دوڑنا پڑتا ہے ورنہ زمانہ بندے کو پیروں تلے روندتا گزر جاتا ہے۔ سوچنے کی بات ہے۔۔۔۔۔
چاہے زمانہ پرفتن ہواؤں کی باگیں سنبھالے شر کے گھوڑوں پہ سوار وقت کی شاہراہ پر گامزن ہو اور بندہ بن سوچے بس اسی فکر میں مبتلا کے بھاگو بھاگو دار کے تو اشہبِ زماں روند ڈالے گا۔
بندے بندے ہیں کسی فلمی کہانی کا کردار نہیں۔
ایک کام کی بات آج اور آنے والے کل میں وہی کامیاب رہے گا جس نے زندگی کے معاملات سیدھے اور سادھے رکھے۔
(بھئی یہ میں نہیں مختلف اور سمارٹ قسم کی آنے والی بیماریاں بتارہی ہیں۔) حدیث پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے خواہشات طولانی سوائے بربادی کے کچھ نہیں۔ اشیاء کی ہوس کہیں لے نہ ڈوبے ہمیں سوچنا ہوگا۔
تو میں نے آغاز میں کہا تھا کہ زمانہ طبقات میں بٹ رہا ہے تو کیوں نہ بٹنے دیا جائے بلکہ، بلکہ یوں کرتے ہیں کہ دو طبقوں میں بٹ ہی جائیں۔
زمانہ جو طبقات میں بٹ رہا ہے تو ایسے زمانے کے ساتھ بھاگنے کا کیا فائدہ، چھوڑ دینا چاہیے ایسے زمانے کے ساتھ بھاگنا۔
اپنی روش الگ قائم کرنی چاہیے۔ زندگی سادگی کے اصولوں پر ڈال لینی چاہیے۔ ہم جو اس فکر میں مبتلا ہیں کہ اگر ساتھ نہ بھاگے تو ہم روندے جائیں گے۔ روندے جانے کے ڈر سے تیز بھاگنے سے بہتر ہے کہ ڈرنے والے اپنی شاہراہ ہی الگ رکھ لیں۔
زندگی سہل ہوجائے گی۔
بیماریاں ختم ہوجائیں گی۔
غم جاناں کا فتنہ فنا ہوجائے گا۔
غم روزگار بھی اتنا نہ ستائے گا۔
اور پھر جب یہ دو غم کم ہوں گے تو غم دوراں کے جھگڑے کیا۔
گھروں کو کھلا رکھو۔ جس میں صحن ہوں۔ کھلے اور ہوادار کمرے ہوں۔ کمروں میں کچھ نہ کچھ کچا حصہ ضرور رکھو۔ کم از کم فرش کمروں اور صحن کو کچا رکھو۔ فرش صرف وہاں ہو جہاں بارش کے دنوں میں گزرنا آسان ہو۔ (کیونکہ سائنس کہتی ہے کہ کچی زمین پر انسان دوست جراثیم موجود ہوتے ہیں اور اس پر گرنے والے انسان دشمنوں کا قتل کرتے جاتے ہیں، بڑھنے نہیں دیتے۔)
گھر میں مرغیاں اور بکریاں پالوں۔
اور ایک عدد گائے تو ضرور ہی رکھو۔
اس طرح گھر کا گوشت، انڈے، دودھ، مکھن، دہی، لسی عام دستیاب ہوگا جو جسم کی اشد ترین ضرورت ہے، جس کے بغیر ہمارا جسم بیماریوں کی آماجگاہ ہوتا ہے اور آخر کار ہمارا جسم فنا ہو جاتا ہے۔)
اپنے کمروں کو فضول سامان اور لکڑی کے فرنیچر سے پاک رکھو۔
کھانے سادہ رکھو اسی کچے صحن کے ایک طرف کچھ نہ کچھ سبزیاں اگانے کا اہتمام ضرور رکھو۔
شہروں کی بجائے گاؤں میں رہنے کو ترجیح دو۔
اپنے بچوں کو پرائیویٹ اسکولز کی بجائے گورنمنٹ سکول میں داخل کراؤ۔
کہ گورنمنٹ اسکول کی استانیاں قابل ہوتی ہیں۔
گورنمنٹ اسکولز میں بچے پڑھانے سے ہمیں بھی فائدہ ہوتا ہے اور گورنمنٹ کو بھی۔
اور سب سے بڑھ کر اپنے بچوں کی شادی تب کرو جب وہ مکمل تعلیم حاصل کرلیں چاہے وہ بیٹی ہو چاہے بیٹا۔
تعلیم کے معاملے میں کبھی مت سوچو کہ بس بچے کسی ادارے میں ریگولر ہی ایڈمیشن لے کے پڑھ سکتے ہیں۔
علم حاصل کرو چاہے پرائیویٹ ہی ہو۔
آٹھویں جماعت سے بیٹا روزگار کے ساتھ ساتھ تعلیم جاری رکھے۔
اے میرے محترم باادب قاری زندگی کو سیدھا اور سادہ رکھنے کے فوائد بھی کچھ درج ذیل ہیں

.1 ذہنی سکون میں اضافہ
سادہ زندگی ذہنی دباؤ کو کم کرتی ہے، کیونکہ پیچیدگیاں اور غیر ضروری ذمہ داریاں کم ہوجاتی ہیں۔
.2 مالی آزادی
سادہ زندگی غیر ضروری اخراجات سے بچاتی ہے، جس سے بچت ہوتی ہے اور مالی تحفظ حاصل ہوتا ہے۔
.3 وقت کی قدر
سادہ زندگی میں انسان غیر ضروری مصروفیات سے بچ کر اہم کاموں اور رشتوں پر توجہ دیتا ہے۔
.4 روحانی اطمینان
جب انسان دنیا کی چمک دمک سے دور ہو کر سادگی کو اپناتا ہے تو روح کو سکون اور دل کو اطمینان نصیب ہوتا ہے۔
.5 ماحولیاتی تحفظ
کم خرچ، کم استعمال اور سادہ طرز زندگی ماحول پر کم بوجھ ڈالتی ہے، جو فطرت کے لیے فائدہ مند ہے۔
.6 تعلقات میں بہتری
سادگی انسان کو زیادہ خلوص، وقت اور توجہ کے ساتھ دوسروں سے جڑنے کا موقع دیتی ہے۔
.7 نظم وضبط میں اضافہ
سادہ زندگی میں چیزوں کو ترتیب دینا آسان ہوتا ہے، جس سے نظم وضبط اور خود اعتمادی پیدا ہوتی ہے۔
.8 خود شناسی کا موقع
جب زندگی سادہ ہوتی ہے تو انسان خود کو بہتر طور پر جان سکتا ہے اور اپنی اصل ترجیحات کا تعین کر سکتا ہے۔

دعا ہے رب محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہماری ہر قدم رہنمائی فرمائے آمین۔

ٹرمپ کی نوبل امن پرائز کے لیے نامزدگی

میڈیا آئی

عبدالباسط علوی
abdulbasitalvi@gmail.com

ٹرمپ کی نوبل امن پرائز کے لیے نامزدگی سے پاکستان کے لیے متوقع فوائد کئی گنا ہیں اور کئی شعبوں میں پھیلے ہوئے ہیں۔ سب سے پہلے اور سب سے اہم یہ ہے کہ یہ تجدید شدہ اقتصادی مشغولیت کے لیے دروازہ کھولتی ہے۔ ٹرمپ نے اپنے خارجہ پالیسی ایجنڈے کے ایک سنگ بنیاد کے طور پر تجارتی معاہدوں اور مضبوط اقتصادی شراکت داریوں پر مسلسل اور زوردار طریقے سے زور دیا ہے۔ ایک ایسا پاکستان جسے ان کی قیادت کی تعریف کرنے والا اور ان کے عالمی امن کے بیانیے کی حمایت کرنے والا سمجھا جاتا ہے، فائدہ مند دوطرفہ تجارتی بہتری، ممکنہ ٹیرف میں کمی یا مختلف امریکی ترقیاتی اقدامات کے تحت اقتصادی تعاون کے منصوبوں میں شرکت کے لیے غور کیے جانے کا نمایاں طور پر زیادہ امکان رکھتا ہے۔ مزید برآں، ٹرمپ کی انتظامیہ نے تاریخی طور پر کثیر الجہتی اداروں کے تئیں شکوک وشبہات کا مظاہرہ کیا ہے اور ان ممالک کے ساتھ براہ راست اور دوطرفہ معاہدوں کے لیے زیادہ کھلے پن کا مظاہرہ کیا ہے جو دوستی یا اسٹریٹیجک ہم آہنگی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ پاکستان کی نامزدگی کو اس طرح ایک اہم سفارتی کاوش کے طور پر تعبیر کیا جاسکتا ہے جو فوجی امداد، اہم انسداد دہشت گردی تعاون اور جدید تکنیکی وسائل تک رسائی جیسے اہم شعبوں میں اسلام آباد کے تئیں امریکی نظریات کو نرم کرسکتی ہے۔

دوسرا اہم نکتہ یہ ہے کہ نامزدگی واشنگٹن میں پاکستان کے تاثر اور امیج کو تشکیل دینے میں گہرا اور اہم کردار ادا کرتی ہے۔ یہ پاکستان کو ایک بدامنی والے یا مسلسل عدم استحکام سے منسلک ملک کے طور پر پیش کرنے کے بجائے ایک ذمہ دار بین الاقوامی اداکار کے طور پر پیش کرنے کا کام کرتی ہے جو امن سازی کی کوششوں کو فعال طور پر تسلیم کرتا ہے۔ سفارت کاری کی پیچیدہ دنیا میں تاثر خود ایک طاقتور کرنسی ہے۔ جب پاکستان کو امن اور بین الاقوامی سفارت کاری کے ایک فعال وکیل کے طور پر دیکھا جاتا ہے، یہاں تک کہ ٹرمپ کے ذریعے بھی، تو یہ حکمت عملی کے ساتھ خود کو عالمی برادری کے ایک تعمیری اور قابل قدر رکن کے طور پر پوزیشن میں لاتا ہے۔ یہ بہتر تاثر، بدلے میں، بااثر امریکی قانون سازوں، بااثر تھنک ٹینکس اور امریکی عوامی رائے کی نظروں میں پاکستان کی حیثیت کو نمایاں طور پر بڑھا سکتا ہے، جو اجتماعی طور پر امدادی پیکجز، دفاعی تعاون اور اہم کثیر الجہتی حمایت جیسے اہم شعبوں کو متاثر کرتے ہیں۔

فوری اقتصادی اور امیج سازی کے فوائد سے ہٹ کر نامزدگی پاکستان کے علاقائی مفادات کے لیے بھی نمایاں اسٹریٹیجک فوائد حاصل کر سکتی ہے۔ ٹرمپ نے ہائی اسٹیکس سفارتی تنازعات میں ذاتی اور براہ راست مشغول ہونے پر آمادگی کا مسلسل مظاہرہ کیا ہے۔ ان کی انتظامیہ نے پہلے طویل عرصے سے جاری کشمیر تنازعہ میں ثالثی کی پیشکش کی تھی اور ان کی 2025 کی فیصلہ کن مداخلت نے واضح طور پر ہندوستان اور پاکستان کے درمیان ایک تباہ کن کشیدگی کو روکنے میں مدد کی۔ انہیں نوبل امن انعام کے لیے باضابطہ طور پر نامزد کرکے پاکستان حکمت عملی کے ساتھ جنوبی ایشیا میں امریکی قیادت میں ثالثی پر گفتگو کو دوبارہ زندہ کرنے کی بنیاد رکھتا ہے، ایک ایسی گفتگو جسے پاکستان نے طویل عرصے سے چاہا ہے اور جسے ہندوستان نے مسلسل مسترد کیا ہے۔ یہاں تک کہ اگر کبھی ثالثی فوری طور پر عملی شکل اختیار نہیں کرتی ہے، تو پاکستان کا فعال سفارتی اشارہ مؤثر طریقے سے اس مسئلے کو بین الاقوامی حلقوں میں زندہ اور نمایاں رکھتا ہے اور ملک کو امریکی قیادت کے ساتھ ہم آہنگ کرتا ہے جو کم از کم اس حساس علاقے میں تنازعات کے متوازن حل کے تصور پر کام کرنے پر آمادہ نظر آتی ہے۔

مزید برآں، نامزدگی پاکستان کی خارجہ پالیسی کے اندر ایک اہم طویل مدتی اسٹریٹیجک توازن میں نمایاں حصہ ڈالتی ہے۔ امریکہ کے ساتھ بہتر تعلقات پاکستان کو اس کی غیر ملکی شراکت داریوں میں بہت اہم تنوع فراہم کرتے ہیں۔ یہ تنوع فطری طور پر کسی ایک ملک پر اسٹریٹیجک انحصار کو کم کرتا ہے اور نتیجے کے طور پر اسلام آباد کو تمام بڑی عالمی طاقتوں بشمول خلیجی ریاستوں، یورپی یونین اور روس کے ساتھ بات چیت میں زیادہ سازگار شرائط حاصل کرنے کی اجازت دیتا ہے، جس سے اس کی مجموعی سفارتی لچک میں اضافہ ہوتا ہے۔

سلامتی اور دفاع کے اہم شعبے میں امریکہ کے ساتھ تجدید شدہ تعاون پاکستان کی انسداد دہشت گردی کی صلاحیتوں کو نمایاں طور پر بڑھا سکتا ہے اور جدید فوجی ساز وسامان تک اس کی رسائی کو بہتر بنا سکتا ہے۔ اگرچہ امریکہ نے حالیہ برسوں میں پاکستان کی فوجی امداد میں نمایاں کمی کی ہے، لیکن ٹرمپ انتظامیہ کے تحت، ایک ممکنہ بحالی جس میں نوبل نامزدگی جیسے خیر سگالی کے اشاروں سے سہولت فراہم کی گئی ہو، اس رجحان کو تبدیل کر سکتی ہے۔ پاکستان کی فوجی اسٹیبلشمنٹ امریکی ٹیکنالوجی اور انٹیلی جنس شیئرنگ فریم ورک کو بہت اہمیت دیتی ہے، جو تاریخی طور پر دہشت گردی اور مختلف شورشوں کے خلاف اس کی جاری جنگ میں اہم ثابت ہوئے ہیں۔ ایک مضبوط فوجی شراکت داری، اگرچہ محدود دائرہ کار میں بھی ہو، علاقائی جارحیت کے خلاف ایک اہم رکاوٹ کا کام کرے گی اور پاکستان کے اندرونی سلامتی کے بنیادی ڈھانچے کو نمایاں طور پر مضبوط کرے گی۔

اس سفارتی چال کے ناقدین یہ دلیل دے سکتے ہیں کہ ڈونلڈ ٹرمپ جیسی تقسیم کرنے والی شخصیت کو ایسے باوقار عالمی انعام کے لیے نامزد کرنا سفارتی ردعمل کا خطرہ مول لے سکتا ہے یا بعض بین الاقوامی حلقوں میں پاکستان کی ساکھ کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔ تاہم، پاکستان کی خارجہ پالیسی تاریخی طور پر سخت نظریاتی ہم آہنگی کے بجائے عملیت پسندی میں گہری جڑیں رکھتی ہے۔ ملک نے مغربی اور مشرقی طاقتوں کے ساتھ پیچیدہ تعلقات کو کامیابی سے نبھایا ہے اور اکثر فوری بین الاقوامی تاثر پر اپنے قومی مفاد کو ترجیح دی ہے۔ اس سیاق وسباق میں ٹرمپ کی نامزدگی کو نظریاتی توثیق کے طور پر نہیں بلکہ ایک ہوشیار اسٹریٹیجک اشارے کے طور پر دیکھا جانا چاہیے۔ ذہن نشین رہے کہ ایک حساب شدہ عمل انتہائی اہم ہے جس کا مقصد ایک پیچیدہ دنیا میں مستقبل کے فوائد کو زیادہ سے زیادہ کرنا ہے جہاں سفارتی اشارے واقعی دوررس اور اہم نتائج دے سکتے ہیں۔

مزید برآں، اس نامزدگی کا ایک اہم اور ٹھوس نتیجہ پاکستان کے ساتھ امریکی مشغولیت میں نمایاں تبدیلی ہے۔ امریکہ اب پاکستان کے ساتھ زیادہ برابری کی بنیاد پر تعلقات استوار کر رہا ہے اور یہاں تک کہ بعض صورتوں میں تو وہ ہندوستان پر بھی پاکستان کو ترجیح دے سکتا ہے۔ اس نامزدگی نے بلاشبہ پاکستان کو کئی اسٹریٹیجک فوائد فراہم کیے ہیں، جن میں سب سے نمایاں واشنگٹن کی جانب سے پاکستان کو عالمی سطح پر ایک اہم اور ناگزیر ملک کے طور پر تسلیم کیے جانے کا بالواسطہ اعتراف ہے۔ ہندوستان کے خلاف پاکستان کی حالیہ کامیابی نے بظاہر عالمی تاثرات کو تبدیل کر دیا ہے، جس سے پاکستان دنیا کے ساتھ زیادہ یکساں اور مساوی سطح پر بات چیت کرنے کے قابل ہو گیا ہے۔

پاکستان کی ڈونلڈ ٹرمپ کو نوبل امن انعام دینے کے لیے نامزدگی محض ایک علامتی اشارے سے زیادہ ہے۔ یہ ایک کثیر جہتی سفارتی حکمت عملی ہے جسے ملک کے لیے اقتصادی، سیاسی، اسٹریٹیجک اور سلامتی کے شعبوں میں ٹھوس فوائد حاصل کرنے کے لیے احتیاط سے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ یہ حکمت عملی کے ساتھ پاکستان کو موجودہ امریکی قیادت کے ساتھ ہم آہنگ کرتی ہے، ماضی کی اہم شراکتوں کے لئے امریکی کردار کو تسلیم کرتی ہے اور فیصلہ کن طور پر تجدید شدہ اور زیادہ فائدہ مند دوطرفہ مشغولیت کے لیے ایک مضبوط پلیٹ فارم تیار کرتی ہے۔ امریکہ پاکستان کے خارجہ تعلقات میں ایک ناقابل تردید حیثیت رکھتا ہے اور یہ نامزدگی ایک زیادہ مستحکم، باہمی طور پر فائدہ مند اور مستقبل کے لیے بہترین شراکت داری کی بنیاد بن سکتی ہے۔ آج کی کثیر قطبی اور غیر یقینی دنیا میں ایسی فعال اور حساب شدہ سفارت کاری واقعی حالیہ برسوں میں پاکستان کی خارجہ پالیسی کے سب سے اہم اور سمارٹ فیصلوں میں سے ایک ثابت ہوسکتی ہے۔

یہ نامزدگی ہرگز ایسا ظاہر نہیں کرتی کہ پاکستان امریکہ کے ہر جائز اور ناجائز عمل کی آنکھیں بند کرکے توثیق یا حمایت کرے گا بلکہ پاکستان عالمی سطح پر ناانصافی اور جارحیت کے خلاف بہادری سے اور غیر متزلزل طور پر آواز اٹھاتا رہتا ہے۔ پاکستان غزہ پر اسرائیل کی جارحیت کی سختی سے مذمت کرتا ہے اور کشمیر کے کاز کی مکمل حمایت کرتا ہے۔ پاکستان کبھی بھی ناانصافی یا جارحیت کی حمایت نہ کرنے کے اپنے عزم پر ڈٹا ہوا ہے اور اس نامزدگی کا ایسے معاملات سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ اس کے بجائے یہ موجودہ جیو پولیٹیکل منظر نامے میں ایک دانشمندانہ اور عملی فیصلہ معلوم ہوتا ہے جو پاکستان کو اپنے مخالفین پر ایک مخصوص فائدہ فراہم کرتا ہے۔

شوبز SHOWBIZ

فلم ''سکندر'' ناکام ہوئی کیونکہ مجھے ہندی نہیں آتی، ڈائریکٹر

ہماری اسکرپٹس کا پہلے انگریزی، پھر ہندی میں ترجمہ کیا جاتا ہے، اے آر مروگاڈوس

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کے دبنگ اداکار سلمان خان کی فلم ''سکندر'' کی باکس آفس پر غیر متاثر کن کارکردگی پر ڈائریکٹر نے انوکھی وضاحت دیدی۔ سلمان خان کی فلم ''سکندر''، جس سے بڑے پیمانے پر کامیابی کی امید کی جارہی تھی، باکس آفس پر بری طرح ناکام ہوئی۔ فلم میں نہ صرف سلمان خان جیسا سپر اسٹار شامل تھا بلکہ رشمیکا مندنا کی مقبولیت اور ہدایتکار اے آر مروگاڈوس کا نام بھی اسے مضبوط بنیاد فراہم کر رہا تھا، تاہم توقعات کے برعکس فلم ناظرین کو متاثر نہ کرسکی۔

مقبول ڈرامے ''سنو چندا'' کا تیسرا سیزن بنائے جانے کا امکان

امید ہے آئندہ رمضان المبارک تک سنو چندا کا تیسرا سیزن تیار کرلیا جائے گا

کراچی (این این آئی) اداکار وگلوکار فرحان سعید نے انکشاف کیا ہے کہ ان کے ماضی کے مقبول ڈرامے سنو چندا کے تیسرے سیزن کا اسکرپٹ لکھا جارہا ہے، جس کے بعد شائقین کو امید ہے کہ جلد ہی انہیں پسندیدہ ڈرامے کا نیا سیزن دیکھنے کو ملے گا۔ سنو چندا کا شمار پاکستان کے مقبول ترین ڈراموں میں ہوتا ہے، یہ ڈراما ہم ٹی وی پر نشر کیا گیا تھا، جس کا پہلا سیزن 2018 اور دوسرا سیزن 2019 میں پیش کیا گیا تھا۔ ڈرامے کی کہانی فرحان سعید اور اقرا عزیز کی خاندانی شادی اور اس میں رکاوٹ کے گرد گھومتی ہے، تاہم ڈرامے میں دیگر کہانیاں بھی اچھے انداز میں دکھائی گئیں۔

علیزے شاہ نے منسا ملک کے خلاف ہتکِ عزت کا مقدمہ دائر کر دیا

منسا ملک کی جانب سے مجھے اب بھی قتل کی دھمکیاں دی جارہی ہیں، اداکارہ

کراچی (این این آئی) اداکارہ علیزے شاہ اور منسا ملک کے درمیان جاری تنازع نے نیا رخ اختیار کرلیا ہے، علیزے شاہ نے منسا ملک کے خلاف کردار کشی اور جھوٹے الزامات کے باعث ہتکِ عزت کا مقدمہ دائر کردیا ہے۔ مقدمے میں مؤقف اختیار کیا گیا ہے کہ منسا ملک نے عوام کو گمراہ کرنے اور جھوٹی معلومات فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ علیزے شاہ کی کردار کشی کی، جس سے ان کی عوامی ساکھ کو نقصان پہنچا۔ علیزے شاہ نے انسٹاگرام پر قانونی نوٹس کی تصاویر بھی شیئر کیں، جن میں انہوں نے منسا ملک سے 48 گھنٹوں میں معافی مانگنے کا مطالبہ کیا ہے۔

تم مجھے یوں بھلا نہ پاؤ گے۔۔۔ محمد رفیع کو مداحوں سے بچھڑے 45 برس بیت گئے

لاہور (این این آئی) فلمی دنیا کو گلوکاری کا نیا انداز اور بے شمار یادگار گیت دینے والے محمد رفیع کو مداحوں سے بچھڑے 45 برس بیت گئے مگر ان کی آواز آج بھی باذوق افراد کے کانوں میں رس گھول رہی ہے۔ لاہور کے گلوکار نے لازوال گیت گائے اور 3 دہائیوں تک بھارتی فلم انڈسٹری پر راج کیا، اسی لئے انہیں شہنشاہ گلوکاری کہا گیا، برصغیر کے مشہور گلوکار مدھر آواز کی بدولت آج بھی اپنے چاہنے والوں کے دلوں میں زندہ ہیں۔ 24 دسمبر 1924 کو پیدا ہونے والا یہ گلوکار داتا کی نگری کے معروف محلے بھاٹی گیٹ کی گلیوں میں پل کر جوان ہوا، وہ ہر روز شہر کے سب سے بڑے لارنس گارڈن جا کر اپنی سریلی آواز کا جادو جگاتے۔

شادی نہ کرکے عقلمندی کی ہے، توثیق حیدر

زندگی میں کچھ ایسے لوگ موجود ہیں جو مشکل وقت میں میرا سہارا بنیں گے

لاہور (این این آئی) پاکستانی ڈراما انڈسٹری کے سینئر اداکار توثیق حیدر نے شادی نہ کرنے کے فیصلے کو عقلمندی قرار دے دیا۔ ڈرامہ سیریل میں بھی تھی تم میں شرجینا (ہانیہ عامر) کے والد کا کردار نبھانے والے اداکار توثیق حیدر کا شمار انڈسٹری کے جانے مانے اداکاروں میں کیا جاتا ہے، انہوں نے اپنے کرئیر میں کئی پراجیکٹس کا حصہ بن کر فینز کی داد وصول کی۔ لیکن انکی زندگی کا ایک سچ یہ بھی ہے کہ وہ تاحال غیر شادی شدہ ہیں اور اپنی زندگی کا زیادہ حصہ تنہا گزر چکے ہیں۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آخر ایسی بھی کیا وجہ تھی کہ کامیاب ہونے کے باوجود انہوں نے سنگل رہنے کو ترجیح دی۔

فوٹو گرافر کے فہد مصطفیٰ پر سنگین الزامات عائد کر دیئے

کئی افراد کی زندگی اور کیریئر فہد مصطفیٰ جیسی شخصیات کی وجہ سے برباد اور متاثر ہوا

کراچی (این این آئی) عمر سعید نامی فوٹو گرافر نے اداکار و ٹی وی میزبان فہد مصطفیٰ کی ایک پرانی ویڈیو شیئر کرتے ہوئے ان پر سنگین الزامات عائد کردیے۔ عمر سعید نے نامی فوٹو گرافر نے انسٹا گرام پر فہد مصطفیٰ کی ایک ویڈیو شیئر کی، جس میں اداکار وہاں موجود دوسرے افراد کی جانب ہاتھوں کے اشارے کرتے دکھائی دیتے ہیں۔ جس فوٹو گرافر نے اداکار کی ویڈیو شیئر کی، ماضی میں وہ فہد مصطفیٰ کے مختلف فوٹو شوٹ کی تصاویر اور ویڈیوز بھی شیئر کرتے رہے ہیں جب کہ وہ دوسری شوبز شخصیات کی تصاویر اور ویڈیوز بھی شیئر کرتے رہے ہیں۔ فوٹو گرافر نے فہد مصطفیٰ کی ویڈیو شیئر کرتے ہوئے پوسٹ میں ٹی وی میزبان پر سنگین الزامات عائد کرتے ہوئے ان پر ملازمت ختم کروانے کا الزام بھی عائد کیا۔

اداکارہ نادرہ کی 30ویں برسی 6 اگست کو منائی جائے گی

نادرہ کو 6 اگست 1995ء کو لبرٹی مارکیٹ لاہور میں قتل کر دیا گیا تھا

ٹھٹھہ صادق آباد (این این آئی) لالی وڈ کی خوبرو فلمی اداکارہ نادرہ کی 30ویں برسی 6 اگست کو منائی جائے گی۔ فلم اسٹار نادرہ 80ء کی دہائی کی اردو، پنجابی فلموں کی ہر دلعزیز اداکارہ تھیں انہوں نے اپنے وقت کے مقبول ترین ہیروز کے مقابل بطور ہیروئین ساٹھ سے زائد فلموں میں اداکاری کے جوہر دکھائے ان کی جوڑی مرحوم فلمی ہیرو اسماعیل شاہ کے ساتھ خوب بجتی تھی۔ نادرہ کو 6 اگست 1995ء کو لبرٹی مارکیٹ لاہور میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے موت کے گھاٹ اتار دیا گیا تھا۔

سپورٹس SPORTS

وہیل چیئر پر آنے تک کرکٹ کھیلتا رہوں گا، شعیب ملک

میں صاف کھاتا ہوں، اچھی نیند لیتا ہوں اور صحت مند کھاتا ہوں

لندن (این این آئی) پاکستان کے تجربہ کار آل راؤنڈر شعیب ملک نے کہا ہے کہ ان کا ریٹائرمنٹ لینے کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔ ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز (ڈبلیو سی ایل) 2025 میں آسٹریلیا چیمپئنز کے خلاف پاکستان چیمپئنز کی کامیابی کے بعد گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میں صاف کھاتا ہوں، اچھی نیند لیتا ہوں اور صحت مند کھاتا ہوں۔ ریٹائرمنٹ سے متعلق سوال پر 43 سالہ نوجوان کھلاڑی نے کہا کہ 'میں وہیل چیئر پر آنے تک کرکٹ کھیلتا رہوں گا۔' ٹی 20 کرکٹ میں شعیب ملک نے 124 ٹی 20 میں پاکستان کی نمائندگی کی اور 2435 رنز بنانے کے ساتھ 28 وکٹیں بھی حاصل کیں۔ شعیب ملک نے مجموعی ٹی 20 کیریئر میں 557 میچز کھیلے، 127.24 کے اسٹرائیک ریٹ سے 13571 رنز بنائے جس میں 83 نصف سنچریاں بھی شامل ہیں، وہ اس وقت ٹی 20 تاریخ میں سب سے زیادہ رنز بنانے والے کھلاڑیوں میں چوتھے نمبر پر ہیں۔ واضح رہے کہ ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز میں پاکستان نے آسٹریلیا کو شکست دے کر سیمی فائنل کے لیے کوالیفائی کرلیا، سعید اجمل نے 6 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا تھا۔ ڈبلیو سی ایل 2025 میں پاکستان کا سیمی فائنل میں بھارت سے مقابلہ ہونا ہے لیکن بھارتی میڈیا کے مطابق بھارتی ٹیم نے پاکستان سے کھیلنے سے انکار کردیا ہے۔

ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز نے پاکستان کو واک اوور دے دیا

ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز نے ہمیں واک اوور دے دیا، کامل خان

برمنگھم (این این آئی) بھارت کے پاکستان سے سیمی فائنل کھیلنے سے انکار کے بعد پاکستان لیجنڈز کے اونر کامل خان کا بیان بھی سامنے آگیا۔ کامل خان نے کہا کہ ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز نے ہمیں واک اوور دے دیا، ڈبلیو سی ایل کا موقف تھا کہ جو ٹیم سیمی فائنل نہیں کھیلے گی اس پر دوسری ٹیم کو واک اوور دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں ڈبلیو سی ایل نے واک اوور دے دیا ہے اور ہم فائنل میں پہنچ گئے، بغیر سیمی فائنل کھیلے فائنل میں پہنچنے پر فرق نہیں پڑتا، جس طرح کی کرکٹ ہم کھیل رہے ہیں سیمی فائنل کا رزلٹ بھی ایسے ہی ہونا تھا۔ کامل خان نے کہا کہ ہماری ٹیم سیمی فائنل کھیلنے کے لیے تیار تھی، فرق نہیں پڑتا کہ اپوزیشن کون ہے، فائنل میں آسٹریلیا ہو یا ساؤتھ افریقہ دونوں کو ہم راؤنڈ میچز میں ہرا چکے ہیں۔

راولپنڈی اسلام آباد سپورٹس جرنلسٹس ایسوسی ایشن (رسجا) کے صدر ابوبکر بن طلعت ٹینس فیڈریشن کے صدر اعصام الحق قریشی کو شیلڈ دے رہے ہیں

عاقب جاوید کا انضمام الحق ہائی پرفارمنس سنٹر ملتان کا دورہ

ملتان (این این آئی) ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس عاقب جاوید نے انضمام الحق ہائی پرفارمنس سنٹر ملتان کا دورہ کرکے انڈر 19 سکلز ڈویلپمنٹ کیمپ کا جائزہ لیا۔ پی سی بی کے اعلامیہ کے مطابق عاقب جاوید نے کوچز اور کھلاڑیوں سے ملاقات کی جس میں جدید کوچنگ تکنیکس کو سراہا گیا۔ کھلاڑیوں کو کیمپ کی افادیت سے آگاہ کیا گیا۔

لیون مارچنڈ کا تاریخی کارنامہ، 200 میٹر میڈلے کا ورلڈ ریکارڈ توڑ ڈالا

سنگاپور (این این آئی) فرانس کے نوجوان تیراک لیون مارچنڈ نے ورلڈ ایکواٹکس چیمپئن شپس میں 200 میٹر میڈلے کا نیا عالمی ریکارڈ قائم کر کے تاریخ رقم کر دی۔ سنگاپور میں ہونے والے ان مقابلوں کے سیمی فائنل میں انہوں نے شاندار تیراکی کرتے ہوئے یہ کارنامہ سرانجام دیا۔ برطانوی نشریاتی ادارے بی بی سی کے مطابق 23 سالہ لیون مارچنڈ نے 1 منٹ 52.69 سیکنڈز میں فاصلہ طے کیا اور ریان لوچٹے کا 2011ء میں قائم کردہ 1 منٹ 54.00 سیکنڈز کا ریکارڈ توڑ ڈالا، اس شاندار کامیابی کے بعد وہ فائنل کے لیے بھی کوالیفائی کر گئے۔ مارچنڈ نے پیرس اولمپکس 2024ء میں چار طلائی تمغے جیتے تھے، انہوں نے ریکارڈ کے بعد جذباتی انداز میں کہا کہ مجھے یقین نہیں آرہا، میں جانتا تھا کہ آج اچھا پرفارم کروں گا لیکن 52:1 کا وقت میرے لیے ناقابل یقین ہے۔ اسی ریس میں برطانیہ کے ڈنکن اسکاٹ نے 55.511 سیکنڈز کے وقت کے ساتھ تیسری پوزیشن حاصل کی اور فائنل کے لیے کوالیفائی کرلیا۔

پی ٹی ایف کا پہلی پاکستان ٹینس لیگ منعقد کروانے کا اعلان

ملک کے سافٹ امیج کیلئے نامور ٹینس پلیئرز پاکستان آئینگے، اعصام الحق

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹینس فیڈریشن کے صدر اعصام الحق قریشی نے آئندہ سال پاکستان ٹینس لیگ منعقد کروانے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ پہلی ٹینس لیگ دنیا کی بہترین لیگ ثابت ہوگی، ملک کا دنیا میں سافٹ امیج اجاگر کرنے کیلئے دنیا کے ٹاپ ٹینس پلیئرز کو پاکستان مدعو کررہے ہیں، ڈیوس کپ ٹائی کیلئے قومی اسکواڈ فائنل کرلیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو راولپنڈی اسلام آباد سپورٹس جرنلسٹس ایسوسی ایشن (رسجا) کے صدر ابوبکر بن طلعت کی سربراہی میں رسجا میٹ دی پریس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ اعصام الحق قریشی نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ دنیا بھر میں پاکستان کا جھنڈا بلند ہو اسی لئے نوجوان ٹینس پلیئرز پر زیادہ فوکس کررہے ہیں جبکہ جونیئر ڈویلپمنٹ پروگرام کے مثبت نتائج آرہے ہیں، ہماری انڈر 14 ٹیم نے روایتی حریف بھارت کو سری لنکا میں شکست دی۔ رواں سال کے دوران ہم نے انٹرنیشنل ایونٹس کیلئے 21 وائلڈ کارڈ کھلاڑیوں کو دیئے۔ اعصام الحق نے کہا کہ پی ٹی ایف آئندہ سال پہلی پاکستان ٹینس لیگ کا انعقاد کرنے جارہی ہے، میگا ایونٹ کی تیاری کیلئے اسٹرکچر کو بہتر بنا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئی ٹی ایف کے صدر سے ملاقات میں پاکستان میں ٹینس کھیل کی بہتری پر بات چیت کی گئی، پاکستان میں ٹینس کھیل کا مستقبل روشن ہیں

ELECTRICITY THEFT
ZERO TOLERANCE · FULL ENFORCEMENT



GEPCO
GEPCO TENDER NOTICE

Sealed Tenders on item rate basis for the year 2025 - 26 are invited on the basis of single stage single envelope bidding procedure as per PPRA Rules for transportation/erection of 31, 36 & 45 feet long P.C. Spun Hollow Poles, regarding SAP HT/LT, Village Electrification and Deposit Works etc. Detail is available in bidding documents. Tender wise details are as under :

Year	Tender No.	Const Divn.	Const: Sub Divn.	Jurisdiction/ Geographic Location
2025-26	1	City	City-1 GRW	Distt. : Gujranwala & Tehsil Daska
	2		City-2 GRW	Distt. : Gujranwala & Tehsil Daska
	3	Cantt	Cantt-1 GRW	Distt. : Gujranwala & Hafizabad
	4		Cantt-2 GRW	Distt. : Gujranwala & Hafizabad
	5	Sialkot	Sialkot	Distt. : Sialkot
	6		Pasrur	Distt.: Sialkot
	7	Gujrat	Gujrat	Distt. : Gujrat & M.B. Din
	8		M.B. Din	Distt. : Gujrat & M.B. Din
	9	Narowal	Narowal	Distt. : Narowal
	10		Shakhargarh	Distt. : Narowal

Who can participate?
Registered/Renewed firms with Pakistan Engineering Council for the year **2024-25** or applied for renewal for the year **2025-26** Category in code **EE-04 & EE-05 (receipt should be attached)** and possessing a latest satisfactory performance certificate from their concerned P.D. Const. Directorate.
From where Tender documents can be obtained?
Bidding documents are available on **EPADS** and can also be obtained on **EPADS**.
Tender Opening Date and Time.
Tender opening date is **03-09-2025**. Tender will be received up to **11:00 AM** and opened at **11:30 AM:**
Other terms and Conditions
i. The bid shall remain valid for acceptance for **90 days** from the tender opening date and must be accompanied by earnest money of **Rs. 200,000/-** in the shape of CDR/Bank Guarantee for each Tender from the scheduled bank.
ii. The material will be provided by the department (Detail in bidding documents).
iii. Firms must be on active tax payer list of FBR Govt. of Pakistan.
iv. Conditional tenders or tenders without bid guarantee will not be accepted.
v. GEPCO reserves the right to accept or reject the tender as per PPRA Rules.
vi. Complete details of terms and condition is available in bidding documents. For further details/information you may contact on any working day during office hours. **Telephone No. 055-4447898 and Fax No. 055-4448014.**

PROJECT DIRECTOR CONST
GEPCO LTD GUJRANWALA
PID(L)233/25

آئندہ سال آسٹرو ناٹ خلا میں بھیجا جائے گا

ریموٹ سینسنگ سیٹلائٹ لانچ، احسن اقبال کی قوم کو مبارکباد

2035ء تک ہم چاند پر پہنچنے کے پروگرام کو بھی کامیابی سے مکمل کریں گے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے ریموٹ سینسنگ سیٹلائٹ کی کامیاب لانچنگ پر قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ آئندہ سال آسٹرو ناٹ خلا میں بھیجا جائے گا، 2035ء تک ہم چاند پر پہنچنے کے پروگرام کو بھی کامیابی سے مکمل کریں گے۔ احسن اقبال نے سپارکو کی پوری ٹیم، انجینئرز، سائنسدانوں کو بھی مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے چین کے تعاون پر اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ چین کے بھرپور تعاون پر شکرگزار ہیں۔ سیٹلائٹ کامیابی سے اپنے مدار میں پہنچ گیا۔ وزیر منصوبہ بندی نے اعادہ کیا کہ پاکستان کو اسپیس ٹیکنالوجی میں دوبارہ قائدانہ کردار دلائیں گے۔ ان کا کہنا ہے کہ آئندہ سال چین کی مدد سے آسٹرو ناٹ خلا میں بھیجا جائے گا، 2035ء تک ہم چاند پر پہنچنے کے پروگرام کو بھی کامیابی سے مکمل کریں گے۔

جنیوا: اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے جنیوا میں پارلیمنٹ کے اسپیکرز کی چھٹی عالمی کانفرنس کے موقع پر ایران کی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر غالب سے ملاقات کی۔

بارش کے باعث مکان کی چھت گر گئی، 3 افراد جاں بحق

افسوسناک واقعہ لکی مروت میں قلعہ گراؤنڈ کے قریب کچی آبادی میں پیش آیا

لکی مروت (این این آئی) لکی مروت میں بارش کے باعث مکان کی چھت گرنے سے ملبے تلے دب کر 3 افراد جاں بحق ہوگئے۔ ریسکیو ترجمان کے مطابق افسوسناک واقعہ لکی مروت میں قلعہ گراؤنڈ کے قریب کچی آبادی میں پیش آیا، جہاں گزشتہ رات سے جاری بارش کی وجہ سے خستہ حال کچے مکان کی چھت گر گئی۔ حکام نے بتایا کہ چھت گرنے سے 3 افراد ملبے تلے دب کر دم توڑ گئے، جاں بحق ہونے والوں میں شوکت اللہ اور دو خواتین شامل ہیں۔ ریسکیو حکام کے مطابق نعشوں کو تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال نورنگ منتقل کردیا گیا ہے۔

حماد اظہر کا حفاظتی ضمانت کیلئے پشاور ہائیکورٹ سے رجوع کا فیصلہ

ان پر لاہور، فیصل آباد اور اسلام آباد میں پچاس سے زائد ایف آئی آرز درج ہیں

لاہور (این این آئی) پی ٹی آئی کے رہنما حماد اظہر نے پچاس سے زائد مقدمات میں حفاظتی ضمانت کے لیے پشاور ہائیکورٹ سے رجوع کرنے کا حتمی فیصلہ کرلیا۔ ذرائع نے بتایا کہ سابق وزیر خزانہ حماد اظہر نے لیگل ٹیم سے مشاورت کے بعد حکمت عملی تیار کر لی، ان پر لاہور، فیصل آباد اور اسلام آباد میں پچاس سے زائد ایف آئی آرز درج ہیں، وہ تمام کیسز میں پہلے پشاور ہائیکورٹ سے حفاظتی ضمانت لیں گے۔ ذرائع نے یہ بھی بتایا کہ حماد اظہر حفاظتی ضمانت کے لیے پشاور ہائیکورٹ کے سامنے پیش ہوں گے، حفاظتی ضمانت ملنے پر متعلقہ عدالتوں سے ضمانتوں کے لیے رجوع کیا جائے گا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ حماد اظہر کی لیگل ٹیم نے تمام مقدمات کا ریکارڈ اکٹھا کر لیا، حماد اظہر نو مئی کے متعدد مقدمات میں اشتہاری اور پولیس کو مطلوب ہیں۔

وزیراعلیٰ اور اپوزیشن کے درمیان ملاقات بے نتیجہ ختم

ملاقات میں بلا مقابلہ انتخاب پر کوئی اتفاق نہ ہوسکا، ذرائع

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں سینیٹ کے ضمنی انتخاب کے حوالے سے وزیراعلیٰ علی امین گنڈا پور اور اپوزیشن کے درمیان ملاقات بے نتیجہ ختم ہوگئی، ملاقات میں بلا مقابلہ انتخاب پر کوئی اتفاق نہ ہوسکا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اب سینیٹ کی خالی نشست پر پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) اور اپوزیشن کے امیدواروں کے درمیان براہ راست مقابلہ ہوگا، اپوزیشن لیڈر کی جانب سے کوشش کی گئی کہ ن لیگ کی امیدوار صوبیہ شاہد کے حق میں دیگر امیدواروں کو دستبردار کرایا جائے تاہم یہ کوشش تاحال کامیاب نہیں ہوسکی۔ ذرائع کے مطابق اگر دیگر اپوزیشن جماعتوں کے امیدوار دستبردار ہو جاتے ہیں تو میدان پی ٹی آئی کی مشال یوسفزئی اور مسلم لیگ (ن) کی صوبیہ شاہد کے درمیان لگے گا، خیبر پختونخوا اسمبلی میں اس وقت پی ٹی آئی کو عددی برتری حاصل ہے۔

جعلی سیمن مافیا کے خلاف گھیرا تنگ، کریک ڈاؤن کا آغاز

لاہور (این این آئی) محکمہ لائیو اسٹاک و ڈیری ڈویلپمنٹ لاہور ڈویژن کے فیلڈ افسران نے لائیو سٹاک بریڈنگ ایکٹ 2014 کے تحت غیر معیاری اور غیر رجسٹرڈ سیمن کی فروخت کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز کردیا

بقیہ 1

اور مؤثر سماجی تحفظ کی طرف ایک اہم پیش رفت ہے، جو یورپی یونین اور جرمن حکومت کے تعاون سے ملک بھر میں لاکھوں پسماندہ خاندانوں کے لیے ادائیگیوں کو ڈیجیٹل بنانے کے لیے ترتیب دیا گیا ہے۔ "کیش لیس معیشت کی طرف منتقلی: بی آئی ایس پی موبائل والٹ ادائیگی ماڈل" کے عنوان سے منعقدہ اس تقریب میں سینئر حکومتی عہدیداران، مالیاتی ریگولیٹرز، ٹیلی کام ماہرین، اور ترقیاتی شراکت داروں نے شرکت کی تاکہ سماجی تحفظ کے لیے ڈیجیٹل مالیاتی نظام کی صلاحیت پر تبادلہ خیال کیا جاسکے۔ ورکشاپ میں وزیرمملکت برائے خزانہ اور پرائم منسٹر ڈلیوری یونٹ کے سربراہ بلال اظہر کیانی، چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد، اور سیکرٹری بی آئی ایس پی عامر علی احمد نے شرکت کی۔ بلال اظہر کیانی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ "یہ صرف ایک پالیسی اقدام نہیں، بلکہ ایک قومی ترجیح ہے۔ بی آئی ایس پی اس وقت تقریباً ایک کروڑ کم آمدنی والے خاندانوں کو کفالت فراہم کر رہا ہے۔ ڈیجیٹل ادائیگیوں کی طرف منتقلی شفافیت اور وقار کو فروغ دیتی ہے اور وزیراعظم کے وژن کے مطابق کیش لیس معیشت کی جانب ایک اہم قدم ہے۔" انہوں نے وزیراعظم کے رمضان پیکج کا بھی حوالہ دیا، جس میں موبائل والٹ کے ذریعے کامیاب ڈیجیٹل ادائیگی کی گئی، جو ایک مؤثر ماڈل ثابت ہوا اور آئندہ کے لیے راہ ہموار کی۔ چیئرپرسن بی آئی ایس پی، سینیٹر روبینہ خالد نے مالی خودمختاری کے ذریعے خواتین کو بااختیار بنانے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ صدر آصف علی زرداری کی ہدایت پر ہم شفافیت اور وقار کو مقدم رکھ رہے ہیں۔ خواتین کے بینک اکاؤنٹس کھولنے کا پائلٹ پروگرام 14 اگست سے شروع کیا جائے گا، جو ڈیجیٹل خودمختاری کی جانب ایک اہم سنگ میل ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ خاتون خانہ کو شناختی کارڈ کے ساتھ مستفید کنندہ کے طور پر نامزد کرنے کی شرط خواتین کے بااختیار ہونے کی ایک مثال بن چکی ہے۔ "ہر خاتون کو حق حاصل ہے کہ وہ اپنے پسندیدہ بینک کا انتخاب کرے اور محفوظ بائیومیٹرک تصدیق کے ذریعے ادائیگی وصول کرے۔" سیکرٹری بی آئی ایس پی عامر علی احمد نے اس اقدام کو "مالی شمولیت کی جانب ایک بڑا قدم" قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ والٹس صرف ادائیگی کا ذریعہ نہیں، بلکہ خواتین کی نقل و حرکت، وقار اور معاشی آزادی کی علامت ہیں۔ انہوں نے تمام شراکت داروں پر زور دیا کہ مستفید افراد میں مالی اور ڈیجیٹل خواندگی کو فروغ دیں۔ ورکشاپ کے اختتام پر ایک پینل ڈسکشن بھی ہوئی، جس میں بینکاری، ٹیلی کام اور ترقیاتی شعبوں سے ماہرین نے شرکت کی۔ پینلسٹس نے موبائل والیٹس کے نفاذ کے حوالے سے اپنی تجاویز، چیلنجز اور عملی سفارشات پیش کیں۔ یہ ورکشاپ پاکستان کے لیے ڈیجیٹائزڈ سماجی معاونت کی طرف ایک اہم سنگ میل ثابت ہوئی، جس میں بی آئی ایس پی نے اپنے سب سے غریب مستحقین کی خدمت کے لیے جدید طریقہ کار اپنانے کی ذمہ داری کا عزم ظاہر کیا۔

بقیہ 2

متعارف کرواتے ہوئے کیو آر کوڈ کے ذریعے کیش لیس نظام کو فروغ دینے پر تبادلہ خیال کیا گیا تاکہ شہری با آسانی سی ڈی اے کی مختلف سروسز جن میں جائیداد ٹیکس، پانی کے بل، زمین کی منتقلی، پارکنگ فیس شامل ہیں کی ادائیگی کیش لیس نظام کے تحت کر سکیں۔ چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ کیش لیس نظام نہ صرف شفافیت کو فروغ دے گا بلکہ عوامی سہولیات کی فراہمی کو تیز تر اور مؤثر بنانے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد کو ڈیجیٹل دارالحکومت بنانے کے لیے سی ڈی اے ہر ممکن اقدام اٹھائے گا۔ اجلاس میں سی ڈی اے دفاتر اور سہولت مراکز پر کیو آر کوڈ کے ذریعے ادائیگیوں کا آغاز کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ بینکوں سے شراکت کے ذریعے آن لائن پورٹل اور موبائل ایپلیکیشنز کا قیام عمل میں لایا جائے گا۔ اس کے علاوہ سی ڈی اے عملے کی تربیت اور شہریوں کے لیے آگاہی مہم کا آغاز کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ پارکنگ ایریاز میں پائلٹ پروجیکٹ کا آغاز کیا جائے گا۔ ابتدائی طور پر ان شعبہ جات میں آغاز ہوگا جہاں عوامی آمد ورفت زیادہ ہے۔ اجلاس کے اختتام پر چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا نے تمام متعلقہ شعبہ جات کو ہدایت کی کہ سی ڈی اے میں ڈیجیٹل اور کیش لیس نظام کے تحت سی ڈی اے کے مختلف سروسز کی ادائیگی کے لیے شہریوں کو جدید اور آن لائن سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ ان کے مسائل کے حل کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں۔

بقیہ 3

توانائی کے شعبے میں اصلاحاتی ایجنڈے کو کامیابی سے آگے بڑھانا ان کی مؤثر حکمت عملی، ادارہ جاتی تعاون اور غیر معمولی محنت کا مظہر ہے۔ خط میں وزیراعظم نے اس بات پر خصوصی زور دیا کہ سردار اویس لغاری کی کوششوں سے 780 ارب روپے کے گردشی قرضے میں نمایاں کمی ممکن ہوئی، جس کے نتیجے میں گردشی قرضے کا حجم کم ہو کر 1,614 ارب روپے تک آ گیا۔ اس کو ایک غیر معمولی کامیابی قرار دیا گیا۔ مزید برآں، 35 سے زائد آئی پی پیز (IPPs) کے ساتھ معاہدوں کی ازسرنو تشکیل اور چھ معاہدوں کے خاتمے کو ایک فیصلہ کن اصلاحاتی اقدام قرار دیا گیا، جس سے قومی خزانے کو 3.6 کھرب روپے سے زائد کی بچت ممکن ہوئی۔ خط میں وزیراعظم نے فی یونٹ 8.35 روپے کی مجموعی ٹیرف میں کمی کا بھی ذکر کیا، جس سے عوامی سطح پر براہ راست ریلیف فراہم ہوا، صنعتی سرگرمیوں میں بہتری آئی اور ملکی معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہوئے۔ خط میں "اپنا میٹر، اپنی ریڈنگ" جیسے عوام دوست اقدامات کو جدید اور جوابدہ طرز حکمرانی کی مثال قرار دیا گیا، جو توانائی کے شعبے میں عوام کے اعتماد کی بحالی میں معاون ثابت ہوں گے۔ خط کے آخر میں، وزیراعظم نے سردار اویس لغاری اور ان کی ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ ان کی مسلسل کاوشیں پاکستان کی توانائی کی سلامتی اور معاشی استحکام کو مزید تقویت دیں گی۔

بقیہ 4

کے خلاف مؤثر قانونی کارروائیاں کی گئیں۔ چیف ایگزیکٹو آئیسکو محمد نعیم جان کا کہنا تھا کہ اس مہم میں تمام آپریشنل سرکلز کی ٹیموں نے بھرپور کردار ادا کیا۔ جدید ٹیکنالوجی، اسمارٹ میٹرنگ سسٹمز، اور مستعد فیلڈ اسٹاف کی مدد سے بجلی چوری کی نشاندہی اور انسداد کو یقینی بنایا گیا۔ جس کی وجہ سے 5613 سے زائد بجلی چوروں پر 47 کروڑ 93 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے جب کہ پولیس کی جانب سے 2232 4 ایف آئی آر کا اندراج کر کے 2836 بجلی چوروں کی گرفتاری عمل میں لائی گئی۔ چیف ایگزیکٹو کا مزید کہنا تھا کہ بجلی چوری پر قابو پانے کے ساتھ ساتھ آئیسکو ٹیموں کی جانب سے ریکوری کی مد میں 2 لاکھ 28 ہزار سے زائد صارفین سے 7 ارب 63 کروڑ کی وصولی کو یقینی بنایا گیا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ آئیسکو شفافیت، دیانت داری اور جدید نظام کاری کے ذریعے نہ صرف صارفین کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے کوشاں ہے بلکہ قومی وسائل کے تحفظ کو بھی یقینی بنا رہا ہے۔ انہوں نے بجلی چوری کو قومی معیشت کے لیے نقصان دہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ کمپنی زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ آئیسکو چیف نے عوام الناس سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ بجلی چوری کی اطلاع آئیسکو کی ہیلپ لائن 118 پر یا قریبی سب ڈویژن دفتر میں دیں تاکہ فوری کارروائی ممکن ہوسکے۔

بقیہ 5

ہے۔ انہوں نے سعودی عرب کے ساتھ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید احمد المالکی نے سی ڈی اے کی چیئرمین سی ڈی اے اور چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کی قیادت میں شاندار کارکردگی کو سراہا۔ انہوں نے اسلام آباد کو خوبصورت ترین شہر بنانے اور شجرکاری کو فروغ دینے خصوصاً سی ڈی اے کے مختلف ترقیاتی منصوبوں اور شہری سہولیات کو بہتر بنانے کی کاوشوں کو سراہا اور کہا کہ اسلام آباد کی تعمیر و ترقی اور خوبصورتی میں اضافہ خوش آئند ہے۔ انہوں نے سی ڈی اے کی جانب سے جدید ترین نرسری کو اسٹیٹ آف دی آرٹ گارڈینیا ہب میں تبدیل کرنے کی کاوشوں کو بھی سراہا۔ دونوں فریقوں نے 23 ستمبر کو سعودی عرب کے قومی دن کی آئندہ تقریبات پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ چیئرمین سی ڈی اے نے متعلقہ افسران کو بہترین انتظامات کرنے کے ساتھ ساتھ تمام ضروری سہولیات کی فراہمی کی ہدایت کی۔ نواف بن سعید احمد المالکی، سعودی سفیر نے پاکستان کے ساتھ اقتصادی، ثقافتی اور مذہبی تعلقات کو فروغ دینے میں اپنے ملک کی مسلسل دلچسپی کا اعادہ کیا۔ دونوں فریقوں نے اسلام آباد میں ہوٹل انڈسٹری کے شعبے میں تعاون پر تبادلہ خیال کیا۔ سعودی عرب کے سفیر نے کہا کہ سعودی عرب سے ہوٹل انڈسٹری کے ممتاز سعودی سرمایہ کار پاکستان آ رہے ہیں جن کے ساتھ سی ڈی اے افسران کی اسلام آباد میں ہوٹل کے منصوبہ پر ملاقات متوقع ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا نے کہا کہ پاکستان سعودی عرب کے ساتھ اپنے برادرانہ تعلقات کو بہت احترام، عزت اور اہمیت دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد سعودی سرمایہ کاری اور ثقافتی تبادلوں کو ہمیشہ خوش آمدید کہتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد شہر کیلئے ایسی شراکت داریوں کی میزبانی ایک اعزاز ہے۔ ملاقات کا اختتام شہری ترقی، اقتصادی ترقی اور ثقافتی و مذہبی تعلقات کو مضبوط بنانے کی مشترکہ کوششوں کے ذریعے پاک سعودی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے باہمی عزم پر ہوا۔

بقیہ 6

میں سے ایک ایمریٹس کا ہانگ ژو شیاؤ شان بین الاقوامی ہوائی اڈے سے باضابطہ آغاز ہے۔ اس فضائی روٹ کے ذریعے پہلی پرواز ہانگ ژو شیاؤ شان بین الاقوامی ہوائی اڈے پر بدھ کو شام 3 بج کر 24 منٹ پر پہنچی۔ ایئرپورٹ کے مطابق یہ روٹ ایمریٹس ایئر لائن چلا رہی ہے جس میں بوئنگ 777- 300 ای آر ہوائی جہاز استعمال کیا جارہا ہے، جمعرات سے روزانہ پروازیں شروع کی جائیں گی۔ پرواز ای کے 311 بیجنگ کے معیاری وقت کے مطابق رات 12 بج کر 10 منٹ پر ہانگ ژو سے روانہ ہوگی اور مقامی وقت کے مطابق صبح 4 بج کر 55 منٹ پر دبئی پہنچے گی۔ دبئی سے واپسی کی پرواز ای کے 310 مقامی وقت کے مطابق صبح 9 بج کر 40 منٹ پر روانہ ہوگی اور بیجنگ کے معیاری وقت کے مطابق 10 بجے ہانگ ژو پہنچے گی۔ چین میں ایمریٹس کے جنرل منیجر لی شون نے کہا کہ ہانگ ژو کا فعال سرحد پار ای کامرس نظام اور سائنس و ٹیکنالوجی کی صنعت کے وسیع وسائل دبئی کی آزاد تجارتی بندرگاہ کے ساتھ بے حد مطابقت رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ نیا فضائی راستہ ڈیجیٹل معیشت، بین الاقوامی تجارت اور سفری شعبے میں دونوں شہروں کے درمیان تعاون کے مزید مواقع پیدا کرے گا۔ اس نئے فضائی روٹ کے آغاز سے ہانگ ژو اور دبئی کے درمیان ہر ہفتے چلنے والی والی پروازوں کی تعداد 3 سے بڑھ کر 10 ہوجائے گی۔

بقیہ 7

منعقد کرنے بالخصوص انہیں ڈیجیٹل میڈیا کے مؤثر اور ذمہ دارانہ استعمال کے بارے میں تربیت مہیا کرنے کے بارے میں تبادلہ خیال کیا۔ ڈائریکٹر جنرل نے صحافیوں کے وفد کو بتایا کہ ایکریڈیٹیشن کارڈز کے اجرا میں شفافیت کو یقینی بنایا گیا ہے اور کارڈ حاصل کرنے والے تمام صحافیوں کا ڈیٹا ڈی جی پی آر کی ویب سائٹ پر مہیا کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے وفد کے مسائل تسلی سے سنے اور انہیں حل کرنے کے لیے اپنے تمام ممکن تعاون کا یقین دلایا۔ انہوں نے بتایا کہ ڈمی اخبارات کے خاتمے کے لیے ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں اور ابھی تک ایسے چھ ہزار سے زائد اخبارات کے ڈیکلریشن منسوخ کروانے کے لیے متعلقہ ڈپٹی کمشنرز کو مراسلے جاری کیے جا چکے ہیں۔

بقیہ 8

بھی مکمل ہوئے۔ وہ چین کی چنگھائی یونیورسٹی اور ازبکستان کی علی شیر نوائی یونیورسٹی میں تدریسی خدمات بھی سرانجام دے چکی ہیں اور علمی میدان میں پاکستان کا نام روشن کر رہی ہیں۔

بقیہ 9

نے زور دیا کہ اب سوسائٹی میں یہ بحث ہونی چاہیے کہ آیا نوٹمی جیسے واقعات کسی سیاسی عمل کا حصہ ہو سکتے ہیں یا یہ آخری حربے کے طور پر استعمال ہونے والی ایک خطرناک سوچ تھی، جس کا خاتمہ ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے فیصلے نہ صرف قانون کی بالادستی کو یقینی بناتے ہیں بلکہ عوام کے اعتماد کو بھی بحال کرتے ہیں۔

بقیہ 10

خدمات قابل تحسین ہیں، فارسٹ گارڈز ہمارے ماحولیاتی ہیرو ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جنگلات کا تحفظ قومی مفاد کا معاملہ ہے، عوام کو رینجرز سے بھرپور تعاون کرنا چاہیے۔ پنجاب میں فارسٹ رینجرز جنگلات کے تحفظ میں قابل قدر کردار ادا کر رہے ہیں، قدرتی وسائل کے تحفظ میں رینجرز کی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ مریم نواز کا کہنا تھا کہ پنجاب میں ماحولیاتی توازن کی بحالی میں فارسٹ رینجرز کا کردار انتہائی اہم ہے، رینجرز کی تربیت اور کارکردگی میں مزید بہتری پنجاب حکومت کا عزم ہے، حکومت پنجاب، عوام اور رینجرز مل کر سرسبز پاکستان کیلئے کوشاں ہیں۔

بقیہ 11

سپارکو کے مطابق یہ سیٹلائٹ زمین کے مشاہدے، زرعی نگرانی اور ماحولیاتی تجزیے کے شعبوں میں انقلاب برپا کرے گا۔ سیٹلائٹ سی پیک، علاقائی منصوبہ بندی اور قدرتی وسائل کے انتظام کے منصوبوں کی نگرانی کرے گا۔ یہ سیٹلائٹ نقل وحمل کے نیٹ ورکس اور جغرافیائی خطرات کی نشاندہی بھی کرے گا۔ یہ پاکستان کا دوسرا ریموٹ سینسنگ سیٹلائٹ ہے۔ پہلا ریموٹ سینسنگ سیٹلائٹ 2018 میں چین کے سیٹلائٹ لانچ سینٹر سے بھیجا گیا تھا۔ ترجمان سپارکو کے مطابق اس وقت پاکستان کے 5 سیٹلائٹ خلاء میں موجود ہیں۔

بقیہ 12

رہائشی صارف مہرین زہرہ کی درخواست پر سی ای او کے الیکٹرک کو برطرفی اور جرمانے کی سزا سنا دی۔ صوبائی محتسب نے اپنے فیصلے میں قرار دیا ہے کہ سی ای او کے الیکٹرک پر الزام ثابت ہوتا ہے، انہیں عہدے سے ہٹایا جائے۔ صوبائی محتسب نے مونس علوی پر 25 لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کر دیا۔ یاد رہے کہ کے الیکٹرک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے رواں ماہ ہی مونس علوی کو دوبارہ چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی ای او) مقرر کیا تھا۔ کے الیکٹرک کی جانب سے جاری کی گئی پریس ریلیز میں بتایا گیا تھا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنے 7 جولائی کے اجلاس میں سید مونس عبداللہ علوی کو 30 جولائی 2025 سے کے الیکٹرک کا دوبارہ چیف ایگزیکٹو آفیسر مقرر کر دیا ہے۔ کے الیکٹرک کے مطابق مونس علوی 2008 میں کے الیکٹرک میں شامل ہوئے تھے اور سی ای او بننے سے پہلے وہ کمپنی میں چیف فنانشل آفیسر، کمپنی سیکرٹری اور ہیڈ آف ٹریژری جیسے اہم عہدوں پر فائز رہ چکے ہیں۔

بقیہ 13

(ترمیمی) بل 2025 کی منظوری لی گئی ہے۔ ترمیمی بل کے تحت ایک نئی پرائس کنٹرول کونسل تشکیل دی جائے گی جس کی صدارت وزیر برائے پرائس کنٹرول یا وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے نامزد کردہ کسی عوامی نمائندے کے سپرد ہو گی۔ بل کے متن کے مطابق کونسل میں ماہرین اور اسٹیک ہولڈرز کی مساوی نمائندگی دی جائے گی جن کی تعداد تین رکھی گئی ہے تاکہ فیصلہ سازی میں توازن اور مشاورت کو فروغ دیا جا سکے۔ گورنر پنجاب کی جانب سے ترمیمی بل پر دستخطوں کے بعد اسے نافذ العمل قرار دے دیا جائے گا۔

بقیہ 14

دیا اور 4 ملزمان کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کروا دیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے بتایا کہ بکر منڈی میں موجود کولڈ سٹور میں ایکسپائر گوشت سٹور کیا گیا تھا، کولڈ سٹور کا ٹمپریچر مقرر کردہ حد کے مطابق نہ تھا، گوشت کی رنگت نیلی کالی، کولڈ سٹور میں تعفن زدہ ماحول پایا گیا، سٹور میں صفائی کے ناقص انتظامات، حشرات اور جانوروں کی بھرمار پائی گئی، برآمد شدہ تمام ترگوشت قانونی کارروائی کے بعد تلف کر دیا گیا، بیمار مردہ جانور نواحی علاقوں سے لا کر گوشت تیار کیا جارہا تھا، تلف کردہ گوشت لاہور شہر کے مختلف ہوٹلز پر سپلائی ہونا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ویجیلنس ٹیمیں جلد از جلد جعلسازوں کے گروہ کا پتہ لگا کر رپورٹ پیش کریں، غیر قانونی مذبح خانوں کے خلاف متعلقہ محکموں کے ساتھ مل کر قوانین میں ترامیم کر رہے ہیں، خوراک میں جعلسازی کرنے والوں کے گرد شکنجہ سخت، منطقی انجام تک پہنچائیں گے، شہری خوراک کے چناؤ کے حوالے سے محتاط رویہ اپنائیں، غذائیت سے بھرپور اشیا کا استعمال یقینی بنائیں۔

بقیہ 15

صدر ٹرمپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ ایکس پر انہوں نے لکھا کہ معاہدے میں صدر ٹرمپ نے قائدانہ کردار ادا کیا، یہ تاریخی معاہدہ ہمارے بڑھتے ہوئے تعاون کو مزید فروغ دے گا۔ وزیراعظم نے یہ بھی لکھا کہ اس معاہدے سے آنے والے دنوں میں ہماری دیرپا شراکت داری کی حدود کو مزید وسعت دی جا سکے گی۔ معاہدے کی تفصیلات آئندہ دنوں میں جاری کی جائیں گی تاہم حکومتی ذرائع کے مطابق یہ شراکت داری توانائی، بنیادی ڈھانچے اور برآمدی مواقع کی وسعت میں کلیدی کردار ادا کرے گی۔ دریں اثناء نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے امریکہ اور پاکستان کے درمیان تجارتی سمجھوتے کا بھرپور خیرمقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈیل طے پا گئی ہے، الحمدللہ۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر اپنے پیغام میں اس ڈیل کا خیرمقدم کیا، اسحاق ڈار نے کہا کہ امریکا سے تجارتی ڈیل طے پا گئی ہے، الحمدللہ۔ نائب وزیراعظم و وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ الحمدللہ، پاکستان کا امریکا کے ساتھ تاریخی معاہدہ طے پا گیا ہے، یہ بیان انہوں نے ٹرمپ کی سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر دی گئی پوسٹ کے جواب میں جاری کیا۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ یہ معاہدہ دونوں ممالک کے درمیان معاشی تعاون، توانائی کے شعبے میں شراکت داری اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرے گا، پاکستان اپنی معاشی پوزیشن کو مستحکم بنانے کی طرف گامزن ہے۔ انہوں نے وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت کو سراہتے ہوئے کہا کہ عالمی سطح پر پاکستان کا مقام ایک بار پھر مستحکم ہو رہا ہے، حکومت نے ہمیشہ قومی مفاد میں معاشی ڈپلومیسی کو ترجیح دی ہے اور یہ معاہدہ اسی حکمت عملی کا نتیجہ ہے۔

بقیہ 16

قرآن مجید سے ہوا، جس کے بعد مہمان خصوصی اسسٹنٹ کمشنر پنڈ دادنخان محترمہ نادیہ پروین نے پارک کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ انہوں نے پارک کا معائنہ کرتے ہوئے اسے شہریوں کے لیے ایک محفوظ، صحت مند اور مثبت تفریحی سہولت قرار دیا۔ یہ منصوبہ ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس اور اسسٹنٹ کمشنر نادیہ پروین کی خصوصی نگرانی اور دلچسپی کے باعث پایۂ تکمیل کو پہنچا۔ پارک میں کشادہ واکنگ ٹریک، بچوں کے لیے محفوظ جھولے، خواتین و بزرگوں کے لیے آرام دہ بینچز، سرسبز لان، رنگ برنگے پھول اور شام کے وقت کے لیے دلکش روشنیوں کا خصوصی انتظام کیا گیا ہے۔ یہ مقام شہر کی خواتین اور بچوں کے لیے نہ صرف تفریح بلکہ ذہنی سکون اور سماجی میل جول کا مرکز بھی ثابت ہوگا۔ پارک کی تیاری اور تکمیل میں ایل سی آئی کھیوڑہ کی مینجمنٹ نے بھرپور کردار ادا کیا، جن میں چیف آپریٹنگ آفیسر عمر مشتاق، ہیڈ آف ایچ آر عاطف کریم، کمیونٹی منیجر خواجہ محمد وقار اور کمیونٹی آفیسر حافظ صہیب رسول شامل ہیں۔ شہریوں نے ایل سی آئی کی اس کاوش کو سراہتے ہوئے ٹیم کو دل سے خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ ایسے منصوبے شہر کی خوبصورتی اور ترقی کا عملی اظہار ہوتے ہیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر محترمہ نادیہ پروین، سابق چیئرمین ملک فیصل عباس اعوان، سینئر صحافی ملک محمد آصف کھوکھر اور چیف آپریٹنگ آفیسر عمر مشتاق نے عوام پر زور دیا کہ وہ پارک کو صاف ستھرا رکھنے اور اس کے تحفظ میں بھرپور کردار ادا کریں۔ تقریب میں سیاسی، سماجی اور صحافتی برادری کی بڑی تعداد شریک ہوئی۔ تقریب کے اختتام پر ایل سی آئی انتظامیہ نے پارک کا مکمل انتظام میونسپل کمیٹی کھیوڑہ کے حوالے کیا اور ہر ممکن تعاون کا یقین دہانی بھی کرائی۔

بقیہ 17

عوام دوست سوچ کی عکاسی کرتے ہیں۔ رانا محمد ارشد کا کہنا تھا کہ ہماری سیاست کا واحد مقصد عوام کی خدمت اور ان کے معیار زندگی میں بہتری لانا ہے۔ تعلیم، صحت، کھیل، صاف پانی اور انفراسٹرکچر پر بھرپور توجہ دی گئی ہے، تاکہ پی پی 133 کو ایک ماڈل حلقہ بنایا جاسکے۔ انہوں نے عزم ظاہر کیا کہ مسلم لیگ (ن) آئندہ بھی اسی خدمت کے جذبے کے ساتھ میدان میں آئے گی اور عوام کی دعاؤں سے ترقی کا یہ سفر جاری رہے گا۔

بقیہ 18

مزید کہا کہ یوتھ ونگ متحرک ہے، نوجوانوں میں جوش وجذبہ اپنی انتہا پر ہے۔ ہم ظلم اور ناانصافی کے خلاف سراپا احتجاج بنیں گے۔ 5 اگست عمران خان کی رہائی کی جدوجہد میں سنگ میل ثابت ہوگا۔

بقیہ 19

کی دعوت پر پاکستان کا دورہ کریں گے۔ دورے کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان سیاسی، معاشی، مذہبی اور ثقافتی تعلقات کو فروغ دینا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس دورے کا مقصد صوبائی اور سرحدی تعاون کو مزید بڑھانا اور تجارتی تبادلے کو موجودہ 3 ارب ڈالر سے آگے لے جانا بھی ایجنڈے کا حصہ ہے۔ واضح رہے کہ مسعود پزشکیان گزشتہ دو برسوں میں پاکستان کا دورہ کرنے والے دوسرے ایرانی صدر ہوں گے، اپریل 2024 میں سابق ایرانی صدر ابراہیم رئیسی نے پاکستان کا تین روزہ سرکاری دورہ کیا تھا۔ دوسری جانب پاکستان کے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے بھی کچھ روز قبل تصدیق کی تھی کہ ایرانی صدر جلد پاکستان کا سرکاری دورہ کریں گے۔

بقیہ 20

کے مطابق یہ پیشرفت وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب کی امریکی وزیر تجارت ہاورڈ لوٹنک اور امریکی تجارتی نمائندے جیمیسن گریر سے ملاقات کے دوران ہوئی۔ ملاقات میں سیکرٹری کامرس جواد پال اور امریکا میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ بھی

موجود تھے۔ اس معاہدے کا اعلان امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ٹرتھ سوشل پر اپنی پوسٹ کے ذریعے کیا تھا۔ وزارت خزانہ کے مطابق پاک امریکا معاہدے کے نتیجے میں باہمی ٹیرف خاص طور پر امریکا میں پاکستانی مصنوعات پر لگنے والے ٹیرف میں کمی آئے گی۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ یہ معاہدہ دونوں ملکوں کے درمیان اہم اقتصادی شعبوں خاص طور پر توانائی، معدنیات، آئی ٹی، کرپٹو کرنسی اور دیگر میں اقتصادی تعاون کے ایک نئے دور کے آغاز کا باعث بنے گا۔ وزارت خزانہ کے مطابق یہ معاہدہ امریکا کے ساتھ پاکستان کے تجارتی تعلقات کو فروغ دینے خصوصاً ان تعلقات کو امریکی ریاستوں تک بڑھانے کے حوالے سے جاری کوششوں میں معاون ثابت ہوگا۔ وزارت خزانہ کے مطابق اس معاہدے کے تحت دونوں ملکوں کو ایک دوسرے کی منڈیوں تک بہتر رسائی میسر آئے گی اور پاکستان کے بنیادی ڈھانچے اور ترقیاتی منصوبوں میں امریکی سرمایہ کاری میں اضافہ متوقع ہے۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ یہ تجارتی معاہدہ دونوں ممالک کی قیادت کی جانب سے دوطرفہ تعلقات کو مزید گہرا کرنے اور تجارت اور سرمایہ کاری روابط کو مضبوط بنانے کے لیے تمام کوششوں کو بروئے کار لانے کے عزم کی نشاندہی کرتا ہے۔ پاکستان کے وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب کا کہنا ہے کہ پاکستان اور امریکہ کے درمیان طے پانے والا تجارتی معاہدہ دونوں ممالک کے لیے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ وزیر خزانہ کا امریکی سیکرٹری تجارت ہاورڈ لوٹنک اور امریکی تجارتی نمائندے جیمیسن گریر سے ملاقات کے بعد جاری ایک ویڈیو پیغام میں کہنا تھا کہ ٹیرف کے متعلق مذاکرات کا مقصد نان ٹیرف بیریئرز اور تجارت میں عدم توازن جیسے امور کو طے کرنا تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ تجارت اور سرمایہ کاری کو ساتھ ساتھ چلنا چاہیے، اس معاہدے میں وسیع تر اقتصادی، دوطرفہ اور اسٹریٹجک شراکت داری ابھر کر سامنے آئی ہے۔ سینیٹر اورنگزیب کا کہنا تھا کہ اس معاہدے کے طے پانے میں نجی شعبے کا بھی بہت اہم کردار رہا ہے، جب ہم یہ سوچ رہے تھے کہ تجارتی عدم توازن کو کیسے کم کیا جائے تو نجی شعبے نے آگے بڑھ کر مدد کی پیشکش کی۔ وزیر خزانہ کا کہنا تھا کہ جیسے صدر ٹرمپ نے کہا ہے، یہ معاہدہ آگے چل کر یہ دونوں ممالک کے لیے فائدہ مند ثابت ہوگا۔

بقیہ 21

کے مطابق جولائی میں پیداوار کنندگان کے لئے پرچیزنگ منیجرز انڈیکس (پی ایم آئی) 49.3 رہا جو گزشتہ ماہ 49.7 تھا۔ این بی ایس کے ایک سینئر ماہر شماریات ژاؤ چھنگ حہ نے کہا کہ کچھ علاقوں میں شدید بارشوں اور سیلاب، زیادہ گرمی اور شدید موسمی حالات کے باعث پیداواری صنعت کو سست روی کا سامنا کرنا پڑا۔ انہوں نے زور دیا کہ مجموعی کمی کے باوجود متعدد ذیلی اشاریوں نے مثبت پیشرفت کی نشاندہی کی ہے۔ اعلیٰ ٹیکنالوجی کی پی ایم آئی 50.6 رہا جبکہ آلات سازی کی پی ایم آئی 50.3 رہا۔ دونوں اشاریے توسیع اور سکڑاؤ کے درمیان فرق ظاہر کرنے والی حد سے اوپر برقرار ہیں۔ صنعتی رجحانات نے قابل ذکر بہتری دکھائی جیسا کہ متوقع کاروباری اشاریہ 52.6 تک پہنچ گیا جو جون میں 52 تھا۔ گاڑیوں، ریلوے اور برقی سازوسامان کے شعبوں نے مضبوط پرامیدی دکھائی ہے، ان کے تمام متوقع اشاریے 55 سے تجاوز کر گئے۔ تجزیہ نگاروں نے نشاندہی کی ہے کہ بہتری کی جانب بڑھتے ہوئے اقتصادی رجحان کی وجہ سے پیداواری شعبے نے مستحکم رفتار دکھائی ہے۔ اعداد وشمار کے مطابق جون میں پیداواری منافع گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 1.4 فیصد زیادہ رہا، جو مئی میں 4.1 کی کمی کے بعد نمایاں بحالی ہے۔

بقیہ 22

کہ پاکستان قربانیاں دے کر دنیا کو دہشتگردی سے بچا رہا ہے۔ پاکستان پر پہلگام واقعے میں ملوث ہونے کا الزام لگایا گیا۔ ہمارا مؤقف تھا کہ پاکستان تاحال دہشتگردی کا شکار رہا ہے وہ کیسے کسی اور ملک میں دہشتگردی کرسکتا ہے۔ بھارتی اقدامات خطے کا امن تباہ کرسکتے ہیں۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ وزیراعظم نے کاکول میں خطاب میں پہلگام واقعے کی تحقیقات کی پیشکش بھی کی لیکن بھارت پر جنگی جنون سوار تھا۔ مودی اپنے ملک میں بھی اتنا سیاسی طور پر کمزور نہیں ہوا جتنا آج ہے۔ ہم نے پہلگام واقعے کے بعد صحافیوں کو وہ جگہیں دکھائیں جن کے بارے میں بھارت الزام لگاتا ہے۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ امن کے خواہاں ہونے کے ساتھ ہم نے یقینی بنایا کہ ہماری امن کی خواہش کو کمزوری نہ سمجھا جائے۔ بھارت پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنا چاہتا تھا۔ ایک بین الاقوامی معاہدے کو ایک ملک یکطرفہ طور پر کیسے ختم کرسکتا ہے؟۔ انہوں نے کہا کہ ہم آج بھی امن کے خواہاں ہیں، کشمیر سمیت تمام معاملات کا پرامن حل چاہتے ہیں۔ صدر ٹرمپ نے بھی کہا ہے کہ کشمیر ایک حل طلب تنازع ہے۔ پاکستان نے دنیا میں ثابت کیا ہے کہ ہم پرامن ملک ہیں۔ اللہ اس خطے میں امن کو قائم رکھے۔ قبل ازیں انسٹی ٹیوٹ آف ریجنل اسٹڈیز اور نجی یونیورسٹی کے تعاون سے منعقدہ پالیسی ڈائیلاگ میں سابق سیکرٹری خارجہ جوہر سلیم نے ابتدائی کلمات میں کہا کہ جموں کشمیر میں بھارتی افواج نے اگست 2019 سے جارحیت میں اضافہ کیا۔ پاکستان کی خارجہ پالیسی ڈائیلاگ اور مذاکرات پر مبنی ہے۔ بھارت خطے میں جارحیت اور کشیدگی پھیلا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے آپریشن سندور کے ذریعے خطے کو آگ کی طرف دھکیلنے کی کوشش کی۔ پاکستان نے ذمہ دار ملک کی حیثیت سے ملکی سالمیت کی حفاظت کرتے ہوئے بھارت کو بھرپور جواب دیا۔ تقریب سے سابق ایڈوائزر نیشنل سکیورٹی ڈاکٹر معید یوسف نے بھی خطاب کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مشاہد حسین سید نے کہا کہ حالیہ دور میں بھارت نے اپنی مس کیلکولیشن کے باعث، عسکری، سیاسی اور سفارتی محاذوں پر نقصان اٹھایا۔ ڈونلڈ ٹرمپ وہ امریکی صدر ہیں جو امریکی ملٹری اسٹیبلشمنٹ کی نمائندگی نہیں کرتے۔ وہ جنگوں کے خلاف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس دور کا تیسرا سب سے بڑا فیکٹر چین ہے۔ موجودہ دور میں 3 سہ فریقی اتحاد بنے ہیں۔ پاکستان، افغانستان چین، دوسرا پاکستان بنگلا دیش اور چین ہے جب کہ تیسرا سب سے اہم کام ترکمانستان، افغانستان اور پاکستان کے مابین ریل نیٹ ورک پر معاہدہ ہے۔ جنوبی ایشیا ایک نئی طاقت بننے جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت صرف مودی اور آر ایس ایس کا نام نہیں ایک ملک ہے۔ بھارت کو سفارتی، سیاسی اور میڈیا کے ذریعے اپنی طاقت کا خمیازہ بھگتنا پڑا۔ امریکی سسٹم بھارت کی حمایت میں ہے لیکن ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے بھارت کو مزاحمت کا سامنا ہے۔ صدر ٹرمپ نے پاکستان کے لیے ٹیرف کم کیا ہے کہ پاکستان کے ساتھ تجارتی روابط مضبوط کیے۔ مشاہد حسین سید کا کہنا تھا کہ مودی اور آر ایس ایس کی پاکستان مخالف آئیڈیالوجیکل خارجہ پالیسی ہے۔ پاکستان موجودہ حالات میں اسٹریٹجک اسپیس فائدہ اٹھائے گا۔

بقیہ 23

روپے سے ہال کی بکنگ، کھانا، 18 کروڑ 50 لاکھ سے دولہا اور دلہن کے ملبوسات پر خرچ ہوں گے، دلہنوں کیلئے 4 کروڑ روپے مالیت کی آرٹیفیشل جیولری جبکہ ہر دلہن کو دھی رانی کارڈ کے ذریعے 1 لاکھ روپے کا جہیز پیکج بھی ملے گا۔ پنجاب حکومت رواں مالی سال میں 5 ہزار شادیوں کے انتظامات خود کرے گی۔

بقیہ 24

اختلاف کی ذمہ داری ڈپٹی قائد حزب اختلاف معین قریشی سرانجام دے رہے ہیں، آئندہ اجلاس کے دوران حزب اختلاف کو قائد حزب اختلاف کا

انتخاب کرنا ہوگا۔

بقیہ 25

ڈس آنر کے معاملے پر مقدمہ درج کرنے کا حکم جاری کیا۔ دوران سماعت مدعی کے وکیل سید فراز حیدر نے بتایا کہ سلمان شہباز کی کمپنی نے 17 لیپ ٹاپ خریدے۔ لیپ ٹاپ کی خریداری پر 6 لاکھ کا چیک دیا گیا۔ چیک کیش کرانے گئے تو پتہ چلا چیک جعلی تھا۔ سلمان شہباز کے وکیل نے دلائل دیئے کہ لیپ ٹاپ کبھی کمپنی تک پہنچے ہی نہیں۔ کمپنی کے ملازم نے چیک چوری کر کے آگے کر دیئے۔ کمپنی کے ملازم پر چوری کا مقدمہ بھی درج کرایا گیا کمپنی کا ان چیکس سے کوئی لینا دینا نہیں ہے۔ چیف جسٹس نے مدعی کے وکیل سے استفسار کیا کہ آپ ابھی تک یہ نہیں بتا سکے کہ خریداری کس تاریخ کی ہے لیپ ٹاپ خریداری کی رسیدوں پر وصولی دیتے وقت کمپنی کی اسٹیمپ بھی موجود نہیں یہ کمپنیوں کا معاملہ ہے کمپنیاں ایسے کام نہیں کرتیں۔ عدالت نے دونوں جانب سے دلائل مکمل ہونے پر سلمان شہباز پر مقدمہ درج کرنے کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا۔

بقیہ 26

ایڈمنسٹریشن نے باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔

بقیہ 27

نے سیکرٹری یونین کونسل کے مطالبات منظور کر لئے۔

بقیہ 28

افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔ سی پی او سید خالد ہمدانی نے کہا کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 29

عملے نے جی ٹی روڈ و سروس روڈ کے دونوں اطراف کلب کیفے سے لیکر تکیہ بابا رحم شاہ تک آپریشن کیا اور متعدد ریڑھیاں سٹالز جوس مشینوں کو ٹرالیوں میں لاد کر بلدیہ آفس میں منتقل کیا۔ سی او بلدیہ نے بتایا کہ روڈ پر سجے بازار کو چار دن کے آپریشن میں کلیئر کر کے پھر ہم مین بازار کھوکھا بازار لنڈا بازار میں تجاوزات مافیا کے خلاف آپریشن کا آغاز کریں گے

بقیہ 30

دال مونگ 350 روپے فی کلو، بیسن 300 روپے فی کلو، دہی 200 روپے فی کلو، تندوری روٹی 14 روپے فی عدد مقرر کر دی ہے۔ نوٹیفکیشن میں واضح کیا گیا کہ کوئی دکاندار ان نرخوں سے زائد قیمت وصول نہیں کرسکتا، خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر اٹک نے تمام دکانداروں کو ہدایت کی ہے کہ وہ نرخ نامہ نمایاں جگہ پر آویزاں کریں اور سٹاک اور فروخت کی تفصیلات متعلقہ افسران کو فراہم کریں۔ نوٹیفکیشن کے مطابق، گائے اور بکرے کا گوشت صرف مجاز افسر کی مہر شدہ تصدیق کے بعد فروخت کیا جائے گا، جبکہ جانوروں کے ذبح کا عمل بھی مخصوص سلاٹر ہاؤسز تک محدود ہوگا۔ یہاں اقدامات صارفین کو ریلیف دینے اور منڈی میں مصنوعی مہنگائی کی روک تھام کے لیے کیے گئے ہیں۔

بقیہ 31

کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلہ میں تھانہ بنی گالہ کے مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اینڈ کومنگ آپریشن کے دوران 60 افراد، 120 گھروں، 50 موٹرسائیکلوں اور 15 گاڑیوں کو چیک کیا گیا، جبکہ بغیر کاغذات پانچ موٹرسائیکلز کو تھانہ منتقل کیا گیا، ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق نے کہا کہ سرچ آپریشن کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنا اور شہر بھر میں سیکورٹی کو مؤثر بنانا ہے، سرچ آپریشنز ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں کیے جا رہے ہیں، اسلام آباد پولیس کا جرائم پیشہ عناصر، قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کیخلاف بلا تفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، شہریوں سے گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ یا ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" پر فوری اطلاع دیں۔

بقیہ 32

ہیں، پارٹی کے اندرونی مسائل کی وجہ ایسے عناصر ہیں جو بانی تحریک انصاف کے ساتھ مخلص نہیں ہیں اور دوغلی سیاست سے جماعت کو کمزور کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فیصلہ سازوں سے کہتا ہوں ملک اور آنے والی نسلوں پر رحم کریں، بڑے لوگ وہ ہوتے ہیں جو بڑے دل والے ہوتے ہیں، عمران خان سے بات کی جائے۔ شہریار آفریدی نے کہا کہ بھارتی وزیراعظم مودی اپنی ساکھ برقرار رکھنے کیلئے کوئی حرکت کرے گا۔

بقیہ 33

پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے اسلحہ معہ ایمونیشن کیا، جبکہ، نصیر آباد پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کیا، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ڈویژنل ایس پی پیرز نے کہا کہ شراب اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 34

دی گئی، کنکشن کے ڈیمانڈ نوٹس سے قبل صارفین سے شامپ پیپر لینے کی تجویز دی گئی۔ شامپ پیپر پر صارفین ایل این جی ٹیرف پر کنکشن لینے کا حلف دیں گے، ایل این جی ٹیرف کو کسی بھی پلیٹ فارم پر چیلنج نہ کرنے کا حلف لیا جائے گا، وفاقی کی شرائط مکمل کرنے والے صارفین کو کنکشن دیا جا سکے گا، سوئی ناردرن گیس کمپنی کے نیٹ ورک پر بھی کنکشن دیا جا سکے گا۔

بقیہ 35

معززین نے خطاب کرتے ہوئے امن کی موجودہ بگڑتی صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کیا۔ مقررین نے کہا کہ: "معاشرے میں بڑھتی بے چینی، نوجوان نسل میں مایوسی، منشیات، لاقانونیت، اور فتنہ پرور عناصر کا کھلا عمل دخل ہمارے دین، تہذیب اور انسانی اقدار کے لیے لمحہ فکریہ ہے۔" مولوی شمس الدین بھیری نے زور دیا کہ مدارس، مساجد، خانقاہیں، اور دینی ادارے ہمیشہ امن، بھائی چارے اور صلح کل کے داعی رہے ہیں، مگر بدقسمتی سے آج مذہب کو استعمال کر کے نفرت پھیلانے والے عناصر سرگرم ہیں، جن کی روک تھام کے لیے متحد ہونا ہوگا۔ سائیں عبدالقیوم بالیجوی صاحب نے کہا: "امن صرف ریاستی اداروں کی ذمہ داری نہیں بلکہ ہر فرد، ہر رہنما، اور ہر ادارے کا فریضہ ہے۔ جب تک ہم گھروں، مسجدوں، اور مجلسوں میں امن کی بات نہیں کریں گے، تبدیلی ممکن نہیں۔" شاہ زین بخارانی نے کہا کہ موجودہ دور میں دشمن صرف بارود کے ساتھ نہیں آتا، بلکہ زبان، افواہوں، اور سوشل میڈیا کے ذریعے بھی نفرت کے بیج بو رہا ہے۔ ہمیں ہوش کے ناخن لینے ہوں گے۔ آخر میں اسد اللہ آغا کی نے مشترکہ اعلامیہ پیش کرتے ہوئے کہا کہ: "جمعیت علماء اسلام ہر سطح پر امن، اخوت اور برداشت کی حمایت کرتی ہے۔ ہم حکومت سے بھی مطالبہ کرتے ہیں کہ کندھ کوٹ سمیت سندھ کے دیگر اضلاع میں امن و امان کی بحالی کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔" کانفرنس کے اختتام پر ملکی سلامتی، علاقائی امن اور بین المذاہب ہم آہنگی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔ عوامی سطح پر اس کانفرنس کو مثبت سراہا جا رہا ہے اور شہریوں نے اس بات پر زور دیا کہ اس طرح کے اجتماعات تسلسل کے ساتھ ہونے چاہییں تاکہ امن کا پیغام مسلسل زندہ رہے۔

بقیہ 36

بحال کر دی۔ علاقہ مکینوں نے فیڈر انچارج سردار

خالق کی عوام دوستی، پیشہ ورانہ بصیرت اور برق رفتار انتظامی اقدام کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے آئیسکو حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ایسے فرض شناس افسران کو ہر سب ڈویژن میں بھی تعینات کیا جائے تاکہ صارفین کی بجلی سے متعلق شکایات بروقت حل ہوسکیں۔ مقامی شہریوں کا کہنا ہے کہ یہ پہلی بار دیکھنے میں آیا ہے کہ گرجا روڈ جیسے مصروف علاقے میں صرف 60 منٹ کے اندر ٹرانسفارمر کی تنصیب مکمل ہوئی اور روشنی بحال ہوئی۔ انہوں نے سردار خالق کو "عوام دوست انچارج" قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان کی مثال دیگر افسران کے لئے قابل تقلید ہے۔

بقیہ 37

تفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلہ میں تھانہ کوہسار، تھانہ مارگلہ، تھانہ شالیمار، تھانہ گولڑہ، تھانہ نون، تھانہ کھنہ اور تھانہ کرپا پولیس نے منشیات فروشی میں ملوث ملزمان کے خلاف بڑی کارروائیاں کرتے ہوئے 12 منشیات فروشوں کو رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان سے لاکھوں روپے مالیت کی 12 کلوگرام چرس، 4 کلو 370 گرام ہیروئن، 2 کلو 361 گرام آئس اور 32 بوتلیں شراب برآمد کی گئی، ملزمان کیخلاف مقدمات درج کر کے بڑے پیمانے پر تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے تاکہ ان منشیات فروشوں کے سہولت کاروں کو بھی جلد قانون کے کٹہرے میں لایا جاسکے، کسی بھی شرپسند عناصر کو نوجوان نسل کے مستقبل کو تباہ نہیں کرنے دیا جائے گا۔ ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق نے کہا کہ اسلام آباد پولیس نوجوان کی رگوں میں منشیات کا زہر اتارنے اور منشیات سمگلنگ کے نیٹ ورک میں ملوث ڈیلرز کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، شہریوں سے گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور شہری کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار 15" پر فوری اطلاع کریں۔

بقیہ 38

بیرون ملک سے ڈیجیٹل طور پر آرڈر کی گئی اشیاء اور خدمات پر اب ٹیکس نہیں ہوگا، امریکی چیمبر آف کامرس نے ڈیجیٹل پروسیڈز ٹیکس پر تحفظات کا اظہار کیا تھا۔

بقیہ 39

رپورٹ میں بچوں کی موت دم گھٹنے سے ہونے کی تصدیق کی گئی ہے۔ پولیس نے واقعے کی ایف آئی آر درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔ حکام کے مطابق بچوں کے والدین کے درمیان ڈیڑھ سال قبل علیحدگی ہو چکی تھی، جسے ممکنہ محرک کے طور پر بھی زیر تفتیش لایا جا رہا ہے۔ پولیس نے والدین سمیت قریبی رشتہ داروں سے پوچھ گچھ شروع کر دی ہے۔ سینئر پولیس افسر کے مطابق، جائے وقوعہ سے اہم شواہد اکٹھے کر لیے گئے ہیں جبکہ مختلف مقامات پر چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیس تمام زاویوں سے تحقیقات کر رہی ہے اور اس کیس کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ اس دلخراش واقعے کے بعد علاقے میں شدید خوف و غصے کی لہر دوڑ گئی ہے۔ مقامی شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ معصوم بچوں کے قاتلوں کو فی الفور گرفتار کر کے نشان عبرت بنایا جائے۔

بقیہ 40

کو علاج معالجے کیلئے مشکلات کا سامنا۔ تفصیلات کے مطابق تحصیل رائے ونڈ میں قائم سینکڑوں صنعتی اداروں میں کام کرنیوالے لاکھوں مزدور ان دنوں سرکاری سطح پر علاج معالجے کی سہولت سے یکسر محروم ہیں جسکی وجہ سے وہ نجی ہسپتالوں اور کلینک سے مہنگا علاج کروانے پر مجبور ہیں سروے میں معلوم ہوا ہے کہ صنعتی اداروں میں کام کرنیوالے ملازمین کی صحت کیلئے حکومت پنجاب ایمپلائز سوشل سیکورٹی انسٹی ٹیوشن کا محکمہ سفید ہاتھی بن کر رہ گیا ہے جو صنعتی کارکنان کی جان اور صحت کے تحفظ کی بجائے بااثر فیکٹری مالکان کو تحفظ فراہم کرکے اپنا نمک حق ادا کر رہا ہے قانونی ضابطے کے مطابق ہر فیکٹری مالک ماہانہ تنخواہ حاصل کرنیوالے اپنے ملازم کی تنخواہ کا 6 فی صد کنٹری بیوشن (پیسی) پنجاب ایمپلائز سوشل سیکورٹی انسٹی ٹیوشن کو ادا کرنے کا پابند ہے لیکن وہ محض چند ملازمین کا کنٹری بیوشن ادا کر کے سرکاری خزانے کو نقصان پہنچا رہے ہیں سروے میں مزید معلوم ہوا ہے کہ جن فیکٹریوں میں ایک ہزار کے قریب ملازمین کام کرتے ہیں اس فیکٹری کی انتظامیہ پیسی افسران کی ملی بھگت سے چند سو افراد کا کنٹری بیوشن ادا کر رہا ہے سروے میں مزید انکشاف ہوا ہے کہ متعدد ایسے ادارے بھی قائم ہیں جہاں پیسی اور ای او بی آئی جیسے اداروں کا وجود نہیں مزدور طبقہ کی زندگیوں اور صحت سے کھیلنے والے ایسے صنعتی اداروں کے خلاف آج تک کوئی کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی ذرائع کے مطابق فیکٹری مالک کنٹری بیوشن کیلئے بوگس لسٹیں الگ تیار کرواتے ہیں جبکہ سیلری شیٹ الگ بناتے ہیں ایک محتاط اندازے کے مطابق صرف تحصیل رائے ونڈ میں کنٹری بیوشن کی مد میں کروڑوں روپے ماہانہ کنٹری بیوشن چوری ہو رہا ہے، کنٹری بیوشن چوری کروانے میں پیسی افسران کا کردار انتہائی شرمناک ہے جو فیکٹری مالکان کو "چور دروازے" دکھا کر سرکاری خزانے کو ٹیکہ لگا رہے ہیں ذرائع کا دعویٰ ہے کہ پیسی افسران نے فیکٹریوں سے منتھلی طے کر رکھی ہے جسکی وجہ سے کسی بھی فیکٹری کے خلاف کوئی کارروائی عمل میں نہیں لائی جارہی اچانک حادثہ کا شکار ہونیوالے ملازم کو چند ہزار تھما کر سفید کاغذوں پر انگوٹھے لگوا لیے جاتے ہیں فیکٹری ملازمین نے احتجاج کرتے ہوئے کہا ہے کہ صنعتی اداروں کو کنٹری بیوشن ادا کرنے کا پابند کیا جائے تاکہ وہ اپنے علاج معالجہ کی سہولیات حاصل کر سکیں۔

بقیہ 41

کے انسٹی ٹیوٹ آف اوشیانولوجی کے محققین نے اس نئی قسم کو مغربی بحرالکاہل میں کیرولین سی ماؤنٹ پر دریافت کیا، جس کی گہرائی 1200 میٹر سے زائد ہے۔ یہ آکٹوپس تقریباً 20 سینٹی میٹر لمبا ہے، اس کا جسم نارنجی سرخ اور شفاف ہے اور اس کی ساخت نرم اور جیلی نما ہے۔ محققین نے مشاہدہ کیا کہ یہ آکٹوپس تیراکی کے دوران اپنے بازوؤں کے درمیان جھلیوں کو آہستہ سے سکیڑتا اور پھیلاتا ہے اور ساتھ ہی کان جیسے پروں کو پھڑپھڑاتا ہے۔ اس کی خوبصورت حرکات سے متاثر ہو کر محققین نے اس کا نام چین کے دون ہوانگ غاروں کی دیواروں پر بنے ہوئے اڑتے آسمانی کرداروں "فے تیان" کے نام پر "فے تیانا" رکھا ہے۔ اس دریافت کی تفصیلات حال ہی میں سائنسی جریدے آرگینزم ڈائیورسٹی اینڈ ایوولوشن میں شائع کی گئی ہیں۔

بقیہ 42

امتحانی مراکز پر امتحان لیا جا رہا ہے۔ ایم ڈی کیٹ کیلئے رواں سال امتحانی مراکز 30 سے 34 کیے جائیں گے، امیدواروں کیلئے اپنے صوبے میں ہی امتحان دینے کی شرط سے تعداد بڑھنے کا امکان ہے۔ امیدواروں کی تعداد کے پیش نظر امتحانی مراکز میں اضافے کا فیصلہ کیا گیا۔

بقیہ 43

شعبوں کا جی ڈی پی میں حصہ بڑھ کر 18.01 فیصد ہو گیا جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 0.43 فیصد پوائنٹس کا اضافہ ظاہر کرتا ہے۔ ادھر حالیہ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ 2025 کی پہلی ششماہی میں ملک کے ہائی ٹیک شعبے تیزی سے ترقی کرتے رہے اور ہائی ٹیک مینوفیکچرنگ میں ویلیو ایڈڈ صنعتی پیداوار میں 9.5 فیصد اضافہ ہوا۔ یہ شرح اسی عرصے کے دوران مجموعی صنعتی پیداوار کے مقابلے میں 3.1 فیصد پوائنٹس زیادہ ہے۔

بقیہ 44

بقیہ 45

میں سزائیں سنائی گئی ہیں جہاں وہ موجود ہی نہیں تھا، ہمارا فیصل آباد کی سیاست سے کیا تعلق ہے، یہ زہر بھری سیاست اس لئے شروع ہوئی ہے کہ چار ماہ میں فیصلہ کرنا ہے، ہم نے رات بھی کوشش کی بحث ہو جائے۔ میں ارباب اختیار سے درخواست کرنا چاہتا ہوں کہ انصاف کیا جائے، انصاف رسوا ہو رہا ہے، انصاف ٹکے ٹوکری ہو گیا ہے، ایک نوجوان جس کا بیٹا معذور ہے جو وہاں موجود ہی نہیں ہے اسے آپ نے دو کیسز میں دس، دس سال سزا دی، یہ سراسر زیادتی ہے، انصاف کیا جائے، پاکستان میں انصاف ہوگا تو یہ ترقی کرے گا، خدا اور رسول کے واسطے انصاف کا علم بلند کریں۔ میرا بھتیجا بے گناہ ہے وہ وہاں پر موجود ہی تھا اس پر کسی نے شہادت دی ہے، انتقام کی ایک حد ہوتی ہے اس پر از سر نو غور کیا جائے اور اس کی سزائیں معاف کی جائیں۔

بقیہ 46

کی کارروائیاں انجام دی ہیں۔ سی سی جی نے کہا کہ ان کارروائیوں کا مقصد چین کی علاقائی خودمختاری اور سمندری حقوق و مفادات کا بھرپور تحفظ کرنا ہے۔

بقیہ 47

سیکٹر سے رجوع کیا جائے گا، پنجاب حکومت 4 5 ارب کی لاگت سے نوازشریف میڈیکل ڈسٹرکٹ سٹی قائم کرے گی، پنجاب حکومت نے رواں مالی سال میں منصوبے کیلئے 6 ارب کا فنڈ مختص کیا، حکومت منصوبے کیلئے غیر ملکی مالیاتی اداروں سے بھی فنڈنگ کیلئے شراکت داری کرے گی۔ لاہور میں 1000 بستروں پر مشتمل کارڈیک انسٹیٹیوٹ پرائیویٹ سیکٹر کے تعاون سے قائم ہوگا، نوازشریف میڈیکل ڈسٹرکٹ میں جدید میڈیکل یونیورسٹی پرائیویٹ سیکٹر کے اشتراک سے بنے گی، لاہور میں اسٹیٹ آف دی آرٹ ڈائیگناسٹک لیب پرائیویٹ سیکٹر کے تعاون سے تعمیر ہوگی۔

بلاک سے مریضوں، سٹاف اور مختلف وارڈز کی مرحلہ وار منتقلی کے عمل کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے نیو بلاک میں قائم ایمرجنسی، میڈیکل، سرجیکل، گائنی، لیبارٹری، فارمیسی اور وارڈز کا فرداً فرداً معائنہ کیا۔ انہوں نے مریضوں سے براہ راست ملاقات کر کے فراہم کردہ سہولیات، علاج معالجے کے معیار، صفائی اور سٹاف کے رویے کے بارے میں دریافت کیا۔ مریضوں اور تیمار داروں نے نئی عمارت، بہتر سہولیات اور ماحول پر اطمینان کا اظہار کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ نئے بلاک میں شفٹنگ کے عمل کو جلد از جلد مکمل کیا جائے اور یہ امر یقینی بنایا جائے کہ مریضوں کو کسی قسم کی دشواری یا تاخیر کا سامنا نہ ہو۔ انہوں نے اس موقع پر کہا کہ عوام کو صحت کی معیاری سہولیات کی فراہمی حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے اور اس سلسلے میں ہسپتالوں کی بہتری کے لیے بھرپور وسائل فراہم کیے جا رہے ہیں۔ ایم ایس ڈاکٹر سہیل طارق نے بتایا کہ "رحمت اللعالمین بلاک" میں جدید مشینری، ایئر کنڈیشنڈ وارڈز، وافر بیڈز، طبی آلات اور تربیت یافتہ سٹاف کی فراہمی یقینی بنائی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس بلاک کے فعال ہونے سے ہسپتال پر مریضوں کا دباؤ کم ہوگا اور علاج معالجے کا معیار مزید بہتر ہوگا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال کے مختلف حصوں میں صفائی، طبی فضلہ تلفی کے نظام، واٹر کولرز، ٹوائلٹس اور سکیورٹی کی صورتحال کا بھی معائنہ کیا اور بہتری کے لیے ضروری ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ شہریوں کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی میں کوئی کسر نہیں چھوڑے گی اور اس حوالے سے ہسپتال انتظامیہ کی کارکردگی کی مسلسل مانیٹرنگ کی جائے گی۔

بقیہ 48

، 8 ڈبیاں پٹاخہ شرلیاں 10 عدد، 20 عدد پٹاخہ بم برآمد کر لئے، وارث خان پولیس نے دونوں افراد کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے گرفتار کر لیا۔ ایس پی راول محمد حبیب راجہ نے کہا کہ آتش بازی کے ذریعے شہریوں کی جانیں خطرے میں ڈالنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 49

کی، اردل روم میں پولیس افسران نے ذاتی اور سرکاری نوعیت کے مسائل سی ٹی او اسلام آباد کے سامنے رکھے، حل طلب مسائل کا موقع پر ہی احکامات جاری کئے گئے باقی مسائل کے حل کے لئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کئے، اس موقع پر انہوں نے کہا کہ پولیس ملازمین کی ویلفیئر کے لئے متعدد اقدامات کئے گئے ہیں جن میں رہائش، بہترین طبی سہولیات اور تعلیم کے معیار کو بہتر بنانا شامل ہیں، آپ کو کسی بھی قسم کا مسئلہ درپیش ہو تو میرے دفتر کا دروازہ آپ کے لئے ہمیشہ کھلا ہے، ہم سب نے مل کر اس شہر کی بہتری میں اپنا کردار ادا کرنا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ اردل روم کے انعقاد کا مقصد پولیس افسران کی ویلفیئر، ذاتی و سرکاری مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے ساتھ ان کے مورال کو بلند کرنا ہے۔

بقیہ 50

کہ یہ فیصلہ ایف بی آر کی فیلڈ فارمیشنز کی غیر تسلی بخش کارکردگی کی بنیاد پر کیا گیا ہے، افسران کے تبادلوں کا مقصد ریونیو اہداف کی بروقت تکمیل اور کارکردگی میں بہتری لانا ہے۔ ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ ایف بی آر کے بورڈ ممبران میں بھی جلد تبدیلیاں متوقع ہیں اور اس حوالے سے حکمت عملی پر کام جاری ہے۔ اندرونی میٹنگز میں حکام نے ریونیو اہداف حاصل کرنے کے لیے نئی انفورسمنٹ سٹریٹیجیز اور پالیسی اقدامات کو حتمی شکل دے دی ہے، وزیراعظم کو یقین دہانی کرائی گئی ہے کہ ایف بی آر ہر ممکن اقدام اٹھا کر ماہانہ ہدف پورا کرے گا۔

گمشدگی کا اشتہار

مسمی اذان ناصر محمود ولد ظہور احمد، سکنہ ڈاکخانہ جوتانہ، تحصیل پنڈ دادنخان، ضلع جہلم کا رہائشی ہوں۔ میرا ذاتی پاسپورٹ نمبر TL0162981 مورخہ 2 اکتوبر 2024 کو علاقہ پنڈ دادنخان میں گم ہوگیا ہے۔ اگر کسی فرد کو یہ پاسپورٹ ملے تو براہ کرم قریبی تھانے یا نیچے دیے گئے رابطہ نمبر پر اطلاع دیں۔ شکریہ

رابطہ نمبر 0328-6334786

درستگی جنس

میں مسمی چوہدری وقار شیر ولد بشیر ساکن محلہ کریم پورہ، تحصیل پنڈ دادنخان، ضلع جہلم، قومی شناختی کارڈ نمبر 37302-1145319-7 بذریعہ یہ اعلامیہ اخبارات کے ذریعے اطلاع دینا چاہتا ہوں کہ میرے بیٹے کا نام "وہر" ہے، مگر نادرا کے جاری کردہ ب فارم میں غلطی سے جنس "بیٹی" درج ہوگئی ہے۔ حالانکہ درست جنس "بیٹا" ہے۔ لہٰذا متعلقہ حکام سے گزارش ہے کہ ب فارم میں جنس کی اس غلطی کو درست کرتے ہوئے "بیٹا" درج کیا جائے۔

فون نمبر 0312-9419524

مودی کا جنگی جنون خطے کا امن تباہ کر سکتے ہیں، وزیر اطلاعات

پاکستان تا حال دہشتگردی کا شکار ہے، وہ کیسے کسی اور ملک میں دہشتگردی کر سکتا ہے، پالیسی ڈائیلاگ تقریب سے خطاب

بھارت نے اپنی مس کیلکولیشن کے باعث، عسکری، سیاسی اور سفارتی محاذوں پر نقصان اٹھایا' مشاہد حسین سید

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ مودی پر جنگی جنون سوار ہے، بھارتی اقدامات خطے کا امن تباہ کر سکتے ہیں۔ جنوبی ایشیا میں قیام امن کے موضوع پر منعقدہ پالیسی ڈائیلاگ سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ خطے میں ہونے والی دہشت گردی میں بھارت ملوث تھا۔ پہلگام واقعے میں ہمارا موقف یہی تھا کہ پاکستان خود دہشتگردی کا شکار رہا ہے، کوئی ایسا ملک بتائیں جس نے دہشتگردی کیخلاف جنگ میں 90 ہزار جانیں گنوائی ہوں۔ انہوں نے کہا (بقیہ نمبر 22)

دھی رانی پروگرام کیلئے 5 ہزار اجتماعی شادیوں کا منصوبہ تیار

5 ہزار شادیوں کی تقریبات پر 52 کروڑ 50 لاکھ خرچ ہوں گے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے ''دھی رانی پروگرام'' کے تحت اگلے مرحلے کے لیے 5 ہزار اجتماعی شادیوں کا جامع پلان تیار کر لیا ہے۔ محکمہ سوشل ویلفیئر کے مطابق 5 ہزار شادیوں کی تقریبات پر 52 کروڑ 50 لاکھ خرچ ہوں گے، دلہا دلہن کے ملبوسات، جیولری اور ہال کیلئے پنجاب حکومت اخراجات اٹھائے گی۔ پنجاب میں 30 کروڑ (بقیہ نمبر 23)

پنجاب اسمبلی میں قائد حزب اختلاف کا عہدہ خالی، نوٹیفکیشن جاری

لاہور (این این آئی) ملک احمد خان بھچر کو انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت سے 9 مئی 2023ء کے مقدمے میں سزا سنائے جانے کے بعد پنجاب اسمبلی میں قائد حزب اختلاف کا عہدہ خالی ہونے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ پنجاب اسمبلی میں قائد حزب اختلاف کا عہدہ خالی ہو چکا ہے۔ اس وقت قائد حزب (بقیہ نمبر 24)

لاہور: پنجاب کے پراسیکیوٹر جنرل سید فرہاد شاہ، اور سینئر پاکستانیز کمیشن کے وائس چیئرپرسن بیرسٹر امجد ملک کو اعزازی شیلڈ پیش کر رہے ہیں

وزیراعظم کے بیٹے پر جعلی چیک کا مقدمہ درج کرنے کا فیصلہ کالعدم قرار

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے وزیراعظم شہباز شریف کے بیٹے سلمان شہباز پر جعلی چیک کا مقدمہ درج کرنے کا ٹرائل کورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ مس جسٹس عالیہ نیلم نے سلمان شہباز کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ سیشن کورٹ نے 10 جولائی کو قانون کے منافی مقدمہ درج کرنے کے احکامات دیئے۔ سیشن کورٹ نے حقائق کا جائزہ لئے بغیر چیک (بقیہ نمبر 25)

5 افسران کے تقرر و تبادلے کے احکامات جاری

محمد سعد بن خالد کی خدمات ایڈیشنل چیف سیکرٹری جنوبی پنجاب کے سپرد

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے 5 افسران کے تقرر و تبادلے کے احکامات جاری کر دیئے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق محمد سعد بن خالد کی خدمات ایڈیشنل چیف سیکرٹری جنوبی پنجاب کے سپرد، فرقان محمد خان کو اسسٹنٹ کمشنر چوکی، اسسٹنٹ کمشنر کلر کہار عاصمہ خلیل کو او ایس ڈی، محمد افضل چوہدری کو اسسٹنٹ کمشنر کلر کہار تعینات کر دیا گیا جبکہ غزالہ اصغر کو اسسٹنٹ کمشنر سوہاوہ تعینات کر دیا گیا۔ محکمہ سروسز اینڈ جنرل (بقیہ نمبر 26)

راولپنڈی، 3 ملزمان گرفتار، 5 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 3 ملزمان گرفتار کر کے 5 کلو سے زائد چرس برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق مندرہ پولیس نے دو ملزمان کو گرفتار کر کے 4 کلو 190 گرام چرس برآمد کی، روات پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 1 کلو 700 گرام چرس برآمد کی، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، زیر حراست (بقیہ نمبر 28)

سیکرٹری یونین کونسل کے سروس رولز تیار کر لئے گئے

سیکرٹری یونین کونسل کی فوری گریڈ 16 میں ترقی ہو سکے گی

لاہور (این این آئی) محکمہ بلدیات نے سیکرٹری یونین کونسل کے سروس رولز تیار کر لئے۔ سیکرٹری یونین کونسل کو نیا سروس سٹرکچر دیا جائے گا، سیکرٹری یونین کونسل کی فوری گریڈ 16 میں ترقی ہو سکے گی، سیکرٹری یونین کونسل کی خالی آسامیوں پر کی جا سکیں گی۔ محکمہ بلدیات (بقیہ نمبر 27)

غزہ: فلسطینی جاری اسرائیلی حملوں اور ایک معذور ناکہ بندی کے درمیان نیٹزارم کوریڈور میں انسانی امداد کی تقسیم کے مقامات کی طرف بڑھ رہے ہیں، کیونکہ محصور غزہ کی پٹی میں وسیع پیمانے پر بھوک جاری ہے

گوجرخان میں جی ٹی روڈ سروس روڈ پر تجاوزات کیخلاف آپریشن

اے سی گوجرخان نے تجاوزات کے خلاف آپریشن کو لیڈ کیا سی او بلدیہ اظہر مجید کی سربراہی میں انفورسمنٹ عملے نے سامان بلدیہ آفس منتقل کیا

تین سے چار دن روڈوں کے اطراف میں قابض تجاوزات مافیا کے خلاف آپریشن کر کے پھر مین بازار کھوکھا بازار کا رخ کریں گے سی او بلدیہ

گوجرخان (قمر شہزاد) سی ایم پنجاب کے ویژن اور کمشنر راولپنڈی کی ہدایات پر گوجرخان میں جی ٹی روڈ سروس روڈ پر غیر قانونی طور پر قابض ریڑھی بانوں اور سٹالز جوس مشینوں کے خلاف کریک ڈاؤن کیا گیا تجاوزات کے خلاف آپریشن کو اے سی گوجرخان حمزہ احتشام ملک نے لیڈ کیا جبکہ سی او بلدیہ اظہر کی سربراہی میں ایم او آئی انوشیہ افضل بلدیہ ریگولیشن آفیسر ڈاکٹر چاند مبین اور انفورسمنٹ (بقیہ نمبر 29)

ڈپٹی کمشنر اٹک نے اشیائے ضروریہ کے نرخ مقرر کر دیئے

تمام دکانداروں کو نرخ نامہ نمایاں جگہ پر آویزاں کی بھی ہدایت

اٹک (این این آئی) ڈپٹی کمشنر اٹک راؤ عاطف رضا نے پنجاب پرائس کنٹرول آف ایسینشل کموڈیٹیز ایکٹ 2024 کے تحت ضلع بھر میں اشیائے ضروریہ کی قیمتیں مقرر کر دی ہیں۔ جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق نرخوں کا اطلاق فوری طور پر کھلی مارکیٹ میں کر دیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق پرانا سپر کرنل چاول 320 روپے فی کلو، اری چاول 220 روپے فی کلو، گائے کا گوشت 800 روپے فی کلو، دال ماش 400 روپے فی کلو، (بقیہ نمبر 30)

منشیات سپلائر صداقت حسین کو 9 سال قید، 80 ہزار جرمانے کی سزا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ کے باعث منشیات سپلائر صداقت حسین کو جرم ثابت ہونے پر 9 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنادی گئی۔ تفصیلات کے مطابق معزز عدالت نے منشیات سپلائر کو سزا سنادی، مجرم صداقت حسین کو 9 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، مجرم سے 1 کلو 590 گرام چرس برآمد ہونے پر مندرہ پولیس نے ستمبر 2024 میں گرفتار کیا تھا۔

تھانہ بنی گالہ کے مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اینڈ کومنگ آپریشن

60 افراد، 120 گھروں، 50 موٹر سائیکلوں، 15 گاڑیوں کی چیکنگ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے تھانہ بنی گالہ کے مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اینڈ کومنگ آپریشن کے دوران 60 افراد، 120 گھروں، 50 موٹر سائیکلوں اور 15 گاڑیوں کو چیک کیا، جبکہ پانچ بغیر کاغذات کے موٹر سائیکلز کو تھانہ منتقل کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر (بقیہ نمبر 31)

6 ملزمان گرفتار، 30 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 6 ملزمان گرفتار کر کے 30 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ چونترہ پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 10 لیٹر شراب برآمد کی، واہ کینٹ پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 10 لیٹر شراب برآمد کی، صادق آباد پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 5 لیٹر شراب برآمد کی، دھمیال پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 5 لیٹر شراب برآمد کی، ویسٹریج (بقیہ نمبر 33)

پی ٹی آئی میں میر جعفر بانی کی جڑیں کاٹ رہے ہیں، شہریار آفریدی

مختلف چہروں والے منافق پارٹی کو نقصان پہنچا رہے ہیں' سینئر رہنما

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما شہریار آفریدی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی میں بیٹھے میر جعفر بانی کی جڑیں کاٹ رہے ہیں۔ وہ لوگ کہاں ہیں جو بانی کے پاؤں پکڑنے کے لیے تیار تھے، آج وہ باہر جا کر کیا بیانات دے رہے ہیں؟ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ مختلف چہروں والے منافق پارٹی کو نقصان پہنچا رہے (بقیہ نمبر 32)

وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر گوجرانوالہ میں ریسلنگ سپورٹس کمپلیکس کی افتتاحی تقریب کے موقع پر خطاب کر رہے ہیں

سوئی گیس کنکشنز پر عائد پابندی ختم کرنے کا فیصلہ

قدرتی گیس کی بجائے ایل این جی کی بنیاد پر گیس کنکشن فراہم کئے جائیں گے

لاہور (این این آئی) وفاقی حکومت نے ملک بھر میں سوئی گیس کنکشنز پر عائد پابندی ختم کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق قدرتی گیس کی بجائے ایل این جی کی بنیاد پر گیس کنکشن فراہم کئے جا سکیں گے، سوئی ناردرن کمپنی نے ایل این جی بنیاد پر کنکشنز کیلئے تجاویز وفاق کو بھجوا دی ہیں۔ درآمد شدہ ایل این جی پر کنکشن کے لئے بھاری سکیورٹی لینے کی تجویز (بقیہ نمبر 34)

''امن کی بگڑتی صورتحال پر خاموشی نہیں، عملی اقدامات ناگزیر ہیں''

جمعیت علماء اسلام کی امن کانفرنس، علاقائی رہنماؤں کا خطاب

کندھ کوٹ رپورٹ (علی نواز شیخ) کندھ کوٹ جمعیت علماء اسلام کی جانب سے لائبریری چوک کندھ کوٹ پر امن کانفرنس کا انعقاد کیا گیا، جس میں مذہبی، سماجی اور مقامی سیاسی شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ کانفرنس کا مقصد معاشرے میں بڑھتے ہوئے عدم تحفظ، لاقانونیت اور فرقہ واریت جیسے خطرات کے خلاف آواز بلند کرنا اور پائیدار امن کے قیام کے لیے مشترکہ حکمت عملی وضع کرنا تھا۔ اس موقع پر اسد اللہ اوگاہی، سائیں عبدالقیوم ہالیجوی، خان محمد ملک، مولوی شمس الدین بھیری شاہ زین بجارانی سمیت دیگر (بقیہ نمبر 35)

جمعیت علماء اسلام کی جانب سے لائبریری چوک کندھ کوٹ پر امن کانفرنس سے مقررین خطاب کر رہے ہیں

فیڈر انچارج سردار خالق کی فرض شناسی، ایک گھنٹے میں بجلی بحال

گرجا روڈ کے مکینوں کا فیڈر انچارج کو سلام، 60 منٹ میں اندھیرا دور!

آئیسکو ٹیم کی بروقت کارروائی، عوامی شکایت ریکارڈ وقت میں حل

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) گزشتہ شب رات 10:40 بجے گرجا روڈ نئی آبادی گرجا ون نزد برکت بھٹی ٹینٹ سروس ٹرانسفارمر ناگہانی خرابی کے باعث بند ہو گیا۔ علاقہ مکینوں نے فوری طور پر آئیسکو قائداعظم کالونی سب ڈویژن میں شکایت درج کرائی اور فیڈر انچارج سردار خالق سے براہ راست رابطہ کیا۔ فیڈر انچارج سردار خالق نے صرف 20 منٹ میں فیلڈ عملہ روانہ کیا۔ ٹیم نے معائنہ کرتے ہوئے ٹرانسفارمر چلانے کی کوشش کی تو زوردار دھماکے کے بعد سہولت مکمل طور پر ناکارہ ہو گئی۔ صورتِ حال کی سنگینی دیکھتے ہوئے فیڈر انچارج نے صرف 30 منٹ میں نیا ٹرانسفارمر اور کرین (پرائیویٹ ذرائع سے) موقع پر پہنچا دی۔ عملے نے تیز رفتاری سے کام کر کے محض ایک گھنٹے کے اندر بجلی کی فراہمی مکمل طور پر (بقیہ نمبر 36)

اسلام آباد پولیس کی کارروائی، 12 منشیات ڈیلرز گرفتار

12 کلوگرام چرس، 4 کلو 370 گرام ہیروئن، 2 کلو 361 گرام آئس برآمد

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے مختلف کارروائیوں کے دوران 12 منشیات ڈیلرز گرفتار کر کے لاکھوں روپے مالیت کی 12 کلوگرام چرس، 4 کلو 370 گرام ہیروئن، 2 کلو 361 گرام آئس اور 32 بوتلیں شراب برآمد کر لیں۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں منشیات فروشی میں ملوث ملزمان کیخلاف بلا (بقیہ نمبر 37)

الزیتون محلے میں کھانے کے لیے رکھے گئے برتنوں کی تین طویل قطاریں دکھائی دے رہی ہیں جبکہ فاقہ کشی کے شکار فلسطینی سائیڈ پر بے بسی سے کھڑے انتظار کر رہے ہیں

ڈیجیٹل آرڈر کی گئی اشیاء وخدمات پر عائد 5 فیصد ٹیکس ختم

غیر ملکی ہائی ٹیک کمپنیوں پر ڈیجیٹل ٹیکس ختم کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) بیرون ملک سے ڈیجیٹل آرڈر کی گئی اشیاء وخدمات پر عائد 5 فیصد ٹیکس ختم کر کے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ ایف بی آر نے ڈیجیٹل ٹیکس سے 40 ارب روپے آمدن کا تخمینہ لگایا تھا، اقدام سے گوگل اور ٹیمو سمیت امریکی اور چینی ہائی ٹیک کمپنیوں کو فائدہ ہوگا۔ ایف بی آر کا کہنا ہے کہ ٹیکس چھوٹ کا اطلاق یکم جولائی 2025 سے ہوگا، غیر ملکی ڈیجیٹل مصنوعات پر عائد ٹیکس کابینہ کی منظوری سے واپس لیا، (بقیہ نمبر 38)

راولپنڈی، مندرہ پولیس کی کارروائی، زیر حراست افراد سے برآمد ہونے والی چرس

دو گمشدہ بچوں کو تلاش کر کے بحفاظت والدین کے حوالے کر دیا گیا

بچوں کے والدین نے پولیس ٹیموں کا شکریہ ادا کیا اور اسلام آباد پولیس کی کاوشوں کو سراہا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے دو گمشدہ بچوں کو قلیل وقت میں تلاش کر کے بحفاظت والدین کے حوالے کر دیا، بچوں کے والدین نے پولیس ٹیموں کا شکریہ ادا کیا اور اسلام آباد پولیس کی کاوشوں کو سراہا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنے اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے، اس سلسلہ میں تھانہ کھنہ پولیس کو شہری کی جانب سے اطلاع موصول ہوئی کہ اس کے بچے لاپتہ ہو گئے ہیں جن کی فوری تلاش کرنے میں مدد کی جائے۔

دل دہلا دینے والا واقعہ، دو کمسن بچیوں کی بوری بند لاشیں برآمد

دلخراش واقعے کے بعد علاقے میں شدید خوف و غصے کی لہر دوڑ گئی ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے سریاب میں قمبرانی روڈ کے قریب کلی بنگلزئی سے دو کمسن بچیوں کی بوری بند لاشیں برآمد ہوئیں، جنہیں سفاکی سے سانس بند کر کے قتل کیا گیا۔ پولیس کے مطابق مقتولہ بچیوں کی شناخت 3 سالہ بی بی میرب اور 7 سالہ بی بی یسرا کے نام سے ہوئی ہے۔ لاشوں کو فوری طور پر قبضے میں لے کر سول ہسپتال منتقل کیا گیا، جہاں پولیس سرجن ڈاکٹر عائشہ فیض نے پوسٹ مارٹم کیا۔ ابتدائی (بقیہ نمبر 39)

ایڈیٹر انچیف۔۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

صنعتی اداروں کا کروڑوں روپے کنٹری بیوشن چوری ہونے لگا

پنجاب ایمپلائز سوشل سکیورٹی انسٹی ٹیوشن کے افسران کی غفلت سے لاکھوں روپے ماہانہ کنٹری بیوشن چوری ہونے کا انکشاف

بااثر فیکٹری مالکان بوگس انرولمنٹ لسٹیں بنا کر سرکاری خزانے کو چونا لگا رہے ہیں مزدوروں کو علاج معالجے کیلئے مشکلات کا سامنا

رائے ونڈ (این این آئی) پیسی افسران کی ملی بھگت سے صنعتی اداروں کا کروڑوں روپے کنٹری بیوشن چوری ہونے لگا، غریب ملازمین علاج معالجے کیلئے رل گئے، پنجاب ایمپلائز سوشل سکیورٹی انسٹی ٹیوشن کے افسران کی غفلت سے لاکھوں روپے ماہانہ کنٹری بیوشن چوری ہونے کا انکشاف ہوا ہے، بااثر فیکٹری مالکان بوگس انرولمنٹ لسٹیں بنا کر سرکاری خزانے کو چونا لگا رہے ہیں، مزدوروں (بقیہ نمبر 40)

لاہور: وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد علی پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں نے سوفٹ ویئر کوہا میگر بعد لائبریری مینجمنٹ سسٹم کا افتتاح کر رہے ہیں

چینی محققین نے ڈمبو آکٹوپس کی ایک نئی قسم دریافت کر لی

بیجنگ (شنہوا) چینی سمندری محققین نے گہرے سمندر میں آکٹوپس کی ایک نئی قسم دریافت کی ہے، جسے انہوں نے گرمپوٹیوتس فے تیانا کا نام دیا ہے۔ یہ قسم ''ڈمبو آکٹوپس'' کے خاندان سے تعلق رکھتی ہے، جس کا نام مشہور کارٹون ہاتھی ''ڈمبو'' سے مشابہت کی وجہ سے رکھا گیا ہے۔ ڈمبو آکٹوپس تیراکی کے دوران اپنے بڑے کان جیسے پروں کو ہلاتے ہیں اور حرکت کا انداز کارٹون کردار ڈمبو سے ملتا جلتا ہوتا ہے۔ چینی اکیڈمی آف سائنسز (بقیہ نمبر 41)

میڈیکل وڈینٹل کالجز میں داخلے کیلئے امتحانی مراکز بڑھانے کا فیصلہ

ایم ڈی کیٹ کیلئے 4 سے 8 امتحانی سنٹرز بڑھائے جائیں گے' ذرائع

لاہور (این این آئی) حکومت نے میڈیکل اور ڈینٹل کالجز میں داخلے کے لئے ایم ڈی کیٹ امتحان کے مراکز کی تعداد بڑھانے کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق ایم ڈی کیٹ کیلئے 4 سے 8 امتحانی سنٹرز بڑھائے جائیں گے، یو ایچ ایس نے امتحانی سنٹر بڑھانے کیلئے محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کو استدعا کر دی، یو ایچ ایس کے تحت 13 شہروں کے 26 (بقیہ نمبر 42)

چین میں ترقی کے نئے محرکات میں تیز تر توسیع ہو رہی ہے

بیجنگ (شنہوا) 2024 کے دوران چین میں ترقی کے نئے محرکات مستحکم انداز میں وسعت اختیار کرتے رہے اور ملک کی مجموعی قومی پیداوار (جی ڈی پی) میں پہلے سے زیادہ حصہ ڈالا۔ قومی ادارہ شماریات کے مطابق نئی صنعتوں، نئے کاروباری طریقوں اور نئے تجارتی ماڈلز پر مشتمل ان ابھرتے ہوئے شعبوں کی پیداواری قدر میں گزشتہ سال کے مقابلے میں 6.7 فیصد اضافہ ہوا۔ 2024 میں ان (بقیہ نمبر 43)

ڈپٹی کمشنر سرگودھا کا ڈی ایچ کیو ٹیچنگ ہسپتال کا دورہ

رحمت اللعالمین بلاک کا معائنہ، سہولیات، شفٹنگ اور انتظامات کا جائزہ لیا

سرگودھا (این این آئی) ڈپٹی کمشنر نے ڈی ایچ کیو (ڈاکٹر فیصل مسعود) ٹیچنگ ہسپتال کا دورہ کر کے رحمت اللعالمین بلاک کا معائنہ، سہولیات، شفٹنگ اور انتظامات کا جائزہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر محمد وسیم نے ڈی ایچ کیو ڈاکٹر فیصل مسعود، ٹیچنگ ہسپتال کا دورہ کر کے حال ہی میں مکمل ہونے والے ''رحمت اللعالمین بلاک'' کا معائنہ کیا اور اولڈ (بقیہ نمبر 44)

ملک میں انصاف رسوا ہو رہا، ٹکے ٹوکری ہو گیا ہے، شیخ رشید احمد

میں خانہ کعبہ کی چھت پر گیا ہوں، اس کی قسم کھاتا ہوں میرے بھتیجے کا نو مئی فیصل آباد کے واقعات سے کوئی تعلق نہیں

میرے بھتیجے کے خلاف کسی کی شہادت موجود نہیں، دو مقدمات میں دس، دس سال قید کی سزا سنادی گئی' سربراہ عوامی مسلم لیگ

واشنگٹن ڈی سی: وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب کی یو ایس ٹی آر کے سفیر جیمیسن گریر سے ملاقات

لاہور (این این آئی) عوامی مسلم لیگ کے سربراہ وسابق وفاقی وزیر شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ ملک میں انصاف رسوا ہو رہا ہے بلکہ ٹکے ٹوکری ہو گیا ہے، میں خانہ کعبہ کی چھت پر گیا ہوں، میں اس کی قسم کھاتا ہوں میرے بھتیجے کا نو مئی فیصل آباد کے واقعات سے کوئی تعلق نہیں۔ اپنے ویڈیو بیان میں شیخ رشید نے کہا کہ فیصل آباد کی انسداد دہشتگردی عدالت سے لاتعداد لوگوں کو سزائیں سنائی ہیں، اس میں میرے بھتیجے کو بھی دو مقدمات میں دس، دس سال قید کی سزا سنائی گئی ہے، راشد شفیق کو ان مقدمات (بقیہ نمبر 45)

صحت کے منصوبوں میں پرائیویٹ سیکٹر کو شراکت دار بنانے کا فیصلہ

نواز شریف میڈیکل ڈسٹرکٹ سٹی کیلئے پرائیویٹ سیکٹر سے رجوع کیا جائے گا

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے صحت کے شعبے میں بہتری لانے کے لیے ایک اہم قدم اٹھاتے ہوئے پرائیویٹ سیکٹر کو مختلف منصوبوں میں شراکت دار بنانے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ لاہور میں نواز شریف میڈیکل ڈسٹرکٹ سٹی کیلئے پرائیویٹ (بقیہ نمبر 47)

چینی کوسٹ گارڈ کا ہوانگ یان ڈاؤ کے گرد پانیوں میں گشت

بیجنگ (شنہوا) چینی کوسٹ گارڈ (سی سی جی) نے چین کے ہوانگ یان ڈاؤ اور اس کے آس پاس کے سمندری علاقوں میں قانون کے نفاذ کے لئے گشت کیا۔ ایک بیان میں سی سی جی نے کہا کہ اس نے رواں ماہ کے آغاز سے ہوانگ یان ڈاؤ اور اس سے ملحقہ سمندری حدود میں قانون کے نفاذ کے لئے گشت کو مزید سخت کر دیا ہے اور متعلقہ سمندری علاقے کے نظم و نسق اور کنٹرول کو مضبوط بنانے کے لئے قواعد وضوابط کے تحت نگرانی، انتباہ، روکنے اور ہٹانے (بقیہ نمبر 46)

آتش بازی کا سامان لے فروخت کرنیوالے 2 ملزمان گرفتار

9 عدد چائنہ پٹاخے، 13 عدد پھلجھڑیاں، 8 ڈبیاں پٹاخہ شرلیاں 10 عدد، 20 عدد پٹاخہ بم برآمد

راولپنڈی (این این آئی) وارث خان پولیس نے آتش بازی کا سامان لے کر جانے اور فروخت کرنے والے 2 ملزمان گرفتار کر کے 9 عدد چائنہ پٹاخے، 13 عدد پھلجھڑیاں، 8 ڈبیاں پٹاخہ شرلیاں 10 عدد، 20 عدد پٹاخہ بم برآمد کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے آتش بازی کا سامان لے کر جانے اور فروخت کرنے والے 2 ملزمان کو گرفتار کر کے 9 عدد چائنہ پٹاخے، 13 عدد پھلجھڑیاں (بقیہ نمبر 48)

سکولوں کو 3 ارب کا نان سیلری بجٹ جاری کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) محکمہ خزانہ نے سکولوں کو نان سیلری بجٹ جاری کر دیا۔ سکولوں کو نان سیلری بجٹ کی مد میں تین ارب روپے جاری کئے گئے ہیں، اس بجٹ سے سکولوں کے روزمرہ کے معاملات حل ہو سکیں گے۔ محکمہ خزانہ کی جانب سے محکمہ ماحولیات کے 75 کروڑ 80 لاکھ روپے بھی جاری کر دیئے گئے ہیں، محکمہ ماحولیات کو یہ بجٹ ماحولیاتی اقدامات اور آپریشنل اخراجات کے لئے جاری ہوا ہے۔ محکمہ خزانہ نے یہ بجٹ آن لائن کر دیا ہے۔

وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر گوجرانوالہ میں ریسلنگ سپورٹس کمپلیکس کا افتتاح کر رہے ہیں۔

ناقص کارکردگی، ایف بی آر میں وسیع پیمانے پر اکھاڑ پچھاڑ کا فیصلہ

ان لینڈ ریونیو سروس کے گریڈ 17 اور 18 کے 200 سے زائد افسران کے تقرر و تبادلے رواں ہفتے متوقع

دوسرے مرحلے میں گریڈ 19 اور 20 کے افسران کو بھی شامل کرتے ہوئے تبادلوں کا عمل مکمل کیا جائے گا' ذرائع

لاہور (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے ناقص کارکردگی پر بڑے پیمانے پر اکھاڑ پچھاڑ کی تیاری مکمل کر لی ہے۔ ذرائع کے مطابق ان لینڈ ریونیو سروس کے گریڈ 17 اور 18 کے 200 سے زائد افسران کے تقرر و تبادلے رواں ہفتے متوقع ہیں جبکہ دوسرے مرحلے میں گریڈ 19 اور 20 کے افسران کو بھی شامل کرتے ہوئے تبادلوں کا عمل مکمل کیا جائے گا، مجاز اتھارٹی نے گریڈ 17 اور 18 کے 40 فیصد سے زائد افسران کی ری شفلنگ کی منظوری دے دی۔ ذرائع کا کہنا ہے (بقیہ نمبر 50)

سی ٹی او کا ٹریفک ہیڈکوارٹرز میں اردل روم

پولیس افسران کو درپیش محکمانہ وذاتی نوعیت کے مسائل حل کیلئے افسران کو احکامات جاری

اسلام آباد (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد نے ٹریفک ہیڈکوارٹرز میں اردل روم کا انعقاد کیا، جس میں پولیس افسران کو درپیش محکمانہ اور ذاتی نوعیت کے مسائل کے بروقت اور ترجیحی بنیادوں پر حل کو یقینی بنانے کیلئے افسران کو احکامات جاری کیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات پر پولیس افسران کو درپیش محکمانہ اور ذاتی نوعیت کے مسائل کے بروقت اور ترجیحی بنیادوں پر حل کو یقینی بنانے کیلئے چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کیپٹن (ر) سید ذیشان حیدر نے ٹریفک پولیس ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں اردل روم کا انعقاد کیا، جس میں پولیس افسران نے شرکت (بقیہ نمبر 49)